ایم۔اے پارٹ۔ا (پریویس)

معروضی اولڈ پرچہ جات ۲۰۱۷ء تا ۲۰۱۰ء

سولو بائی: محمد مظہر

کمپوز بائی: مظہر تنہا (Jassi)

کلاس: ایم اے اقبالیات (پریویس)

رول نمبر: ۰۲

سیشن: ۲۰۱۷-۱۹ء

موبائل نمبر: 0303-7619693

گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج چشتیاں

﴾انتساب﴿

میرے ان تمام دوستوں کے نام ،جو بہت سی مشکلات اور مجبوریوں کے باوجود بھی حصول علم کے لیے کوشاں ہیں۔

مظہر تنہا (Jassi)

پیپر نمبر ۱ اسلامیات (ISLAMIC STUDY)

سوال: عام الجماعت کس ہجری میں وقوع ہوا؟

جواب: ۴۱ھ۔

سوال: تکمیل دین سے متعلق آیت مبارکہ اور اس کا ترجمہ لکھیں؟

جواب: آیت: الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم لکم الاسلام دینا ①

ترجمہ: آج میں نے تمہارے لیے تمہارے دین کو مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو بطور دین پسند کیا۔

سوال: حجیت حدیث پر ایک قرآنی آیت مع ترجمہ تحریر کیجئے؟

جواب: آیت: من یطع الرسول فقد اطاع اللہ ①(سورۃ النساء)

ترجمہ: جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

سوال: بائبل کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کرتے ہوئے بتائیے گا کہ یہ کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب: بائبل کا لغوی مفہوم۔ یونانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی کتاب کے ہیں۔ اصطلاحی مفہوم یہ ہے کہ بائبل دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پرانا اور نیا عہد نامہ۔ پرانا عہد نامہ یہود و نصاریٰ دونوں کے مقدس ہے جبکہ نیا عہد نامہ صرف عیسائیوں کے لیے مقدس ہے۔

سوال: شیخین اور صاحبین کی وضاحت کیجئے؟

جواب: شیخین۔ امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسف صاحبؒ

صاحبین۔ امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ

امام محمد ابو یوسفؒ اور امام ابو محمدؒ امام ابوحنیفہؒ کے شاگرد تھے۔

سوال: اخلاق ذمیمہ بیان کریں؟

جواب: جھوٹ، ظلم، وعدہ خلافی، غیبت، ناپ تول میں کمی، لالچ وغیرہ۔

تریمورتی سے کیا مراد ہے؟ اس کا تعلق کس مذہب سے ہے؟

اسے ہندو تثلیث بھی کہا جاتا ہے یہ مقبول عام ہندو مت ہے۔ یہ ہندوؤں کا ایک بہت عظیم بت ہے ایک انسانی شکل کے بت پر تین سر نصب کیے جاتے ہیں۔ یہ متحدہ خدا ہے ان کی الگ حیثیت بھی معبود کی سی ہے۔ خداؤں کا یہ مجموعہ تگڈام بھی کہلاتا ہے۔ مختصر تعارف۔ ۱ برہما ۲ وشنو ۳۔ شیو جی

سوال: علوم خمسہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: علوم خمسہ کے بارے میں شاہ ولی اللہ نے بیان کیا ہے کہ اگر قرآن مجید کا خلاصہ لیا جائے تو پانچ علوم ہیں:۔ ۱) علم العقاید ۲) علم الاحکام ۳) علم التذکیر باللہ ۴) علم التذکیر بایام اللہ ۵) علم لاتذکیر بالموت و مابعد الموت

سوال: حضور اکرم ﷺ نے کن تین کاموں میں جلدی کرنے کا حکم دیا ہے؟

جواب: ۱۔ جب نماز کا وقت ہو تو نماز پڑھنے میں ۲۔ جب عورت و مرد کا ہمسر پاؤ تو بیاہ کرنے میں ۳۔ جب کوئی مر جائے تو جلد جنازہ پڑھا دیا جائے۔

سوال: وحی بلا واسطہ فرشتہ بیان کریں؟

جواب: جب کوئی بات اللہ تعالیٰ کسی نبی کے دل میں بغیر فرشتہ کے ڈال دے تو اسے وحی بلا واسطہ فرشتہ کہلائی گی۔

سوال: سورہ الحشر کی وجہ تسمیہ اور اس کا زمانہ نزول بیان کریں؟

جواب: لفظ حشر اس سورۃ آیت نمبر ۲ میں وارد ہوا۔ اس مراد یہ نہیں کہ پوری سورت میں روز حشر کا بیان ہے۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ بلکہ وہ سورت کہ جس میں لفظ حشر آیا۔ ابن عباسؓ اس سورت کو بنی نضیر کہتے ہیں۔ کیونکہ اس سورت میں مدینہ سے ایک یہود قبیلہ بنی نضیر کی جلاوطنی کا ذکر ہے۔ اسی مناسب سے اس کو سورہ الحشر یا بنی نضیر کہتے

ہیں۔ ربیع الاول ۴ ھ، مدینہ میں نازل ہوئی۔

سوال: **توحید کی اقسام تحریر کریں؟**

جواب: تین اقسام ہیں:۔ ۱) توحید الوہیت ۲) توحید ربوبیت ۳) توحید اسماء وصفات

سوال: **المومن اور المھیمن کے معنی لکھیں؟**

جواب: **المومن:** امن وسکون کا مرقع، منبع ایمان، بےخوف ہونا، باامن ہونا۔ **المھیمن:** نگہبان، نگران، دیکھ بھال کرنے والی ہستی۔

سوال: **مکی اور مدنی سورتوں سے کیا مراد ہے؟**

جواب: مکی سورتوں سے مراد جو مکہ میں نازل ہوئیں اور مدنی جو مدینہ میں نازل ہوئیں۔ مکی سورتوں کی تعداد ۸۶ ہے اور مدنی سورتوں کی تعداد ۲۸ ہے۔

سوال: **قرآن کریم میں سب سے پہلے نازل ہونے والی آیت کس سورت میں ہے؟ آیت لکھیں۔**

جواب: سورۃ اقرء میں:۔ اقرا باسم ربک الذی خلق، خلق الانسان من علق، اقرا وربک الاکرم الذی علم بالقلم علم الانسان مالم یعلم ﴿۵﴾

سوال ا **حدیث قولی اور تقریری کی وضاحت کریں؟**

جواب: حدیث قولی: یہ وہ حدیث ہے جس میں آپ ﷺ کے اقوال شامل ہوں۔ حدیث تقریری: اسی حدیث جس میں آپ ﷺ کی تقریر وغیرہ کا ذکر ہو۔

سوال: **نبی اور رسول کا فرق واضح کریں؟**

جواب: رسول اور پیغمبر اس کو کہتے ہیں جسے نئی کتاب اور شریعت سے نوازا گیا ہو اور نبی ہر پیغمبر کو کہتے ہیں خواہ اسے نئی شریعت اور کتاب نہ دی گئی ہو۔

سوال: **صحیح بخاری کا اصل نام تحریر کریں؟**

جواب: اس کا اصل نام ''الجامع الصحیح المسند'' ہے۔

سوال: **ہلاکت والے جن کاموں سے رسول ﷺ نے منع کیا ان میں سے چار کے نام لکھیں؟**

جواب: ۱) اللہ کے ساتھ شرک کرنا۔ ۲) جادو ٹونا کرنا۔ ۳) بغیر حق کے کسی انسان کو قتل کرنا۔ ۴) سود کھانا۔

سوال: **مسلمانوں اور یہودیوں کے بنیادی عقائد میں فرق کی دو مثالیں لکھیں؟**

جواب: توحید میں یہود۔ حضرت یعقوب (لقب اسرائیل) کے بیٹے یہود کی مناسبت لیتے ہیں، نسلی خدا کا تصور، بچھڑے کی پوجا وغیرہ۔

رسالت میں یہود۔ حضرت موسیٰ کو بڑا پیغمبر مانتے ہیں، لیکن مسیح اور رسول اللہ ﷺ کی نبوت سے انکار کرتے ہیں۔ جادوگر نجومی تصور۔

آخرت کا تصور۔ خدا صرف یہود کا ہے۔ اسی طرح کامیابی صرف یہود کو ہے۔ (نعوذ باللہ) یہود ونصاریٰ کہتے ہیں کہ وہ ہم اللہ کے لیے مخصوص ہیں۔

سوال: **مجوسیت سے کیا مراد ہیں؟ یہ کن کا عقیدہ ہے۔**

جواب: یہ آتش پرستوں کا عقیدہ ہے۔ اس کے مطابق کائنات میں خدا دو ہیں:۔ خدائے خیر اور خدائے شر۔

سوال: **قیامت کے دن کون سے دو عمل سفارش کریں گے؟**

جواب: صدقہ جاریہ، نفع بخش علم، نیک صالح اولاد۔

سوال: **چار رکعت میں کتنی رکعات ہوتی ہیں؟**

جواب:

سوال: **تنبیہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: تنبیہ سے مراد ہے کہ ایک عمل آپ پہلے سے کر رہیں ہیں لیکن آپ اس کام کے بارے میں کوئی آیت یا حدیث پڑھیں جو اس عمل کو روکنے کا باعث بنے یا روکے یا منع کرے، تنبیہ کہلاتی ہے۔ جیسے آپ ﷺ سے پہلے کوئی ایسے کام صحابہ نے کیے ہوں اور بعد میں آپ ﷺ نے تنبیہ کرکے روک دیا ہو۔

سوال: **یہود ونصاریٰ کے موجودہ مراکز کہاں واقع ہیں؟**

جواب: یہود کا مرکز یروشلم (اسرائیل) اور عیسائیوں کا ویٹکن سٹی ہے۔

سوال: **جامع القرآن اور ترجمان القرآن کن صحابہ کو کہا جاتا ہے؟**

جواب: حضرت عثمانؓ کو جامع القرآن اور ترجمان القرآن حضرت ابن عباسؓ کو کہا جاتا ہے۔

سوال: اسلامی نظریاتی کونسل کے قیام کا کیا مقصد ہے؟

جواب: اس کا مقصد نفاذ اسلام کے لیے حکومت کی راہنمائی اور مشاورت کے فرائض سرانجام دینا۔ اس کا تصور ۱۹۶۲ء کے آئین میں پیش ہوا۔ اس میں تمام مکاتیب فکر کے علماء کو نمائندگی حاصل ہے۔

سوال: مال فے اور مال غنیمت سے کیا مراد ہے؟ اور ان کا کیا حکم ہے۔

جواب: مال فے وہ مال ہے جو مسلمانوں کو کفار سے لڑے بغیر حاصل ہو، جبکہ مال غنیمت وہ مال ہے جو مسلمان کفار سے لڑ کر حاصل کرتے ہیں۔

سوال: سورہ الحشر میں کن قبائل کا ذکر ہے؟

جواب: بنی نضیر کے قبائل کا ذکر ہے۔

سوال: متفق علیہ حدث سے کیا مراد ہے؟

جواب: صحیح بخاری اور صحیح مسلم کو صحیحین بھی کہتے ہیں۔ اور جو حدیث ان دونوں کتابوں میں ہوتی ہے۔ اس کو متفق علیہ حدیث کہتے ہیں۔

سوال: اطاعت رسول ﷺ سے متعلق کسی ایک قرآنی آیت کا متن لکھیے؟

جواب: من یطع الرسول فقد اطاع اللہ (سورۃ النساء)

ترجمہ جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

سوال: رسول ﷺ نے کون سے سات اعمال کو مہلک قرار دیا ہے؟

جواب: ۱) اللہ کے ساتھ شرک کرنا۔ ۲) جادوٹونا کرنا۔ ۳) بغیر حق کے ایسے شخص کو قتل کرنا جس کا قتل اللہ نے حرام قرار دیا ہو۔ ۴) سود کھانا ۵) یتیم کا مال کھانا ۶) میدان جنگ سے پیٹھ پھیر بھاگنا ۷) ایماندار، نیک، پاک وصاف عورت پر بدکاری کی تہمت لگانا۔

سوال: خلفائے راشدین کے نام بالترتیب سے لکھیے؟

جواب: ۱۔حضرت ابوبکر صدیقؓ ۲۔حضرت عمر صدیقؓ ۳۔حضرت عثمان غنیؓ ۳۔حضرت علی المرتضیٰؓ

سوال: حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ کے اصل نام لکھیے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ کا نام عبداللہ اور حضرت ابو ہریرہؓ کا نام عبدالرحمٰن علماء نے لکھا ہے۔ اکثر علماء کے ہاں حضرت ابو ہریرہؓ کے نام میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

سوال: قرآن کا اصطلاحی مفہوم کیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کا کلام جو حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوا، مصاحف میں لکھا گیا۔ زبانوں سے پڑھا گیا۔ اور لفظی تواتر کے ذریعے ہم تک پہنچا۔

سوال: قرآن کی کسی ایت سے انسان کا افضل المخلوقات ہونا ثابت کیجیے؟

جواب: آیت: وعلم ادم الاسماء کلھا ثم عرضھم علی الملٰئکۃ فقال انبونی باسماء ھولاء ان کنتم صدقین

ترجمہ: اور اللہ نے آدم کو تمام نام سیکھا دیے پھر فرشتوں کے سامنے پیش کیا اور فرمایا کی ان اشیاء کے نام بتاؤ اگر تم سچے ہو۔

سوال: نبی اور غیر نبی کے خوابوں میں کیا فرق ہے؟

جواب: نبی کا خواب حتمی اور یقینی ہوتا ہے اور شرعی دلیل بن سکتا ہے۔ غیر نبی کا خواب حتمی اور یقینی نہیں ہوتا اور شرعی دلیل نہیں بن سکتا۔

سوال: احادیث مبارکہ میں مذکورہ قیامت کی چھے نشانیاں بیان کریں؟

جواب: ۱۔مال غنیمت کو ذاتی جائیداد سمجھا جائے گا۔ ۲۔امانت کو مال غنیمت سمجھا جائے گا۔ ۳۔زکوۃ کو جرمانہ سمجھا جائے گا۔ ۴۔مرد اپنی بیوی کی اطاعت کرنے لگے گے۔ ۵۔اپنی والدہ کی نافرمانی کریں گے۔ ۶۔دوست سے حسن سلوک، باپ سے بے وفائی برتیں گے۔ ۷۔جب مساجد میں آوازیں بلند ہونے لگیں۔ ۸۔جب قوم کا رہنما گھٹیا انسان ہو۔ ۹۔جب انسان کی عزت اس کے شر کے خوف سے کی جانے لگے۔ ۱۰۔جب شرابیں پی جانے لگیں۔ ۱۲۔جب گانے والی عورتوں کو رکھا جائے۔ ۱۳۔آلات موسیقی کو استعمال کیا جائے۔ ۱۴۔اور جب اس امت کا بعد میں آنے والا طبقہ پہلے طبقے پر لعن طعن کرنے لگے یہ کہنے کے بعد نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ جب یہ حالات پیدا ہو جائیں تو اس وقت سرخ آندھی کا انتظار کرو۔ جس سے یا تو یہ

امت زمین میں دھنس جائے گی یا ان کی صورتیں مسخ ہو جائیں گی۔

سوال: یہودیوں میں عقیدہ توحید کیا ہے؟ اور یہ کن کا عقیدہ ہے؟

جواب: یہودی بظاہر بت پرستی نہیں کرتے لیکن محمد رسول اللہ ﷺ کا انکار کر کے اپنی خواہش نفسی کی پوجا کرتے ہیں۔ لہذا ان کی ظاہری توحید سے کوئی تعلق نہیں۔ یہودیوں کا ایک گروہ عزیز علیہ السلام کو خدا کا بیٹا قرار دیتا تھا۔

سوال: سورہ الکوثر اعراب کے ساتھ لکھیں؟

جواب: انا اعطینک الکوثر ① فصل لربک وانحر ① انا شانئک ھوالابتر ①

سوال: قیامت کے دن کون سا تاجر انبیاء کے ساتھ ہوگا؟

جواب: سچا اور امانت دار تاجر انبیاء صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا۔

سوال: خلافت اور امریت میں فرق کیا ہے؟

جواب: خلافت میں مشاورت کا تصور پایا جاتا ہے۔ جب کہ آمریت میں مشاورت کا تصور نہیں ہوتا۔

سوال: صحاح ستہ سے کیا مراد ہے؟ صحاح ستہ کے نام لکھیں؟

جواب: صحاح ستہ سے مراد حدیث کی چھ مشہور کتابیں ہیں۔ جو کہ درج ذیل ہیں:۔ ۱۔ صحیح بخاری ۲۔ صحیح مسلم ۳۔ جامع ترمذی ۴۔ سنن ابی داود ۵۔ سنن نسائی ۶۔ سنن ابن ماجہ

سوال: مرنے کے بعد کون کون سے اعمال جاری رہتے ہیں؟

جواب: صدقہ جاریہ، نفع بخش علم، نیک صالح اعمال۔

سوال: عیسائیوں کا عقیدہ کفارہ اور تثلیث کیا ہے؟

جواب: عیسائیوں کے نزدیک حضرت آدم اور حضرت حوا کی غلطی کی وجہ سے ہر انسان پیدائشی طور پر گناہ گار چلا آ رہا تھا کہ اللہ کے بیٹے یسوع سولی پر چڑھ گئے اور نوع انسانی کے اس گناہ کا کفارہ کر دیا۔ اقانیم اقنوم کی جمع ہے اس کا معنی ہے ستون، ثلاثہ تین کو کہتے ہیں۔ پہلا اقنوم باپ یعنی خدا، دوسرا اقنوم بیٹا یعنی حضرت مسیح اور تیسرا اقنوم خدا کی صفت کلام۔ یہ تین مل کر بھی خدا ہیں اور الگ الگ بھی خدا ہیں۔ اسے تثلیث بھی کہتے ہیں۔

سوال: کوئی سے تین اردو تفاسیر کے نام مع مؤلفین لکھئے؟

جواب: ۱۔ بیان القرآن از مولانا اشرف تھانوی ۲۔ تفسیرات از احمد شیخ احمد ۳۔ تفسیر ثنائی از مولانا ثناء امرتسری ۴۔ تفہیم القرآن از مولانا مدودی ۵۔ ضیاء القرآن از پیر کرم شاہ الازہری

سوال: مصارف زکوۃ کون سے ہیں؟

جواب: ۱۔ فقراء ۲۔ مساکین ۳۔ عاملین زکوۃ ۴۔ مؤلفتہ القلوب ۵۔ غلاموں کی آزادی کے لیے ۶۔ مقروض کی مدد کے لیے ۷۔ مسافر ۸۔ مجاہد فی سبیل اللہ

سوال: یہود مدینہ کے تین قبائل کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ بنوقینقاع ۲۔ بنوقریظہ ۳۔ بنونظیر

سوال: مستشرقین سے کیا مراد ہے؟

جواب:

سوال: عقیدہ آخرت کے تین اہم نتائج لکھیں؟

جواب: کردار کی پختگی، اعمال کی جواب دہی، خوف خدا، آخرت کی تیاری۔

سوال: جمع و تدوین کس کے دور میں ہوئی؟

جواب: جمع و تدوین قرآن حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عثمان غنیؓ کے عہد میں ہوئی۔

سوال: حدیث بلحاظ روایت کتنی اقسام ہیں؟

جواب: حدیث کی راویوں (روایت) کی تعداد کے لحاظ سے تین اقسام ہیں: ا۔خبر متواتر ۲۔خبر مشہور ۳۔خبر واحد

سوال: قیامت کے دن پوچھے جانے والے پانچ سوال کون کون سے ہیں؟

جواب: ا۔ پوری عمر کا حساب لیا جائے گا عمر کے لحاظ سے ۲۔ جوانی کے دور کا خاص طور پر حساب لیا جائے گا ۳۔ مال کہاں کہاں سے کمایا تھا ۴۔ مال کہاں کہاں خرچ کیا تھا ۵۔ علم کتنا حاصل کیا تھا اور اس پر عمل کتنا کیا۔

سوال: مصارف ذکوۃ قرآن کی کس سورۃ کی آیت میں ہیں؟

جواب: سورۃ توبہ ،آیت نمبر ۶۰، پارہ نمبر ۱۰۔

سوال: امام ابوحنیفہ کا نام کنیت تاریخ پیدائش ووفات لکھیں؟

جواب:

سوال: ہرمن اور یزدان سے کیا مراد ہے؟ کس کا عقیدہ ہے۔

جواب: نیکی کے خدا کو یزدان کہا جاتا ہے اور ہرمن جو برائی کا خدا ہے۔

سوال: ابوبکر صدیق کے عہد میں رونما ہونے والے کوئی سے دو فتنے بیان کریں؟

جواب: جنگ یمامہ،

سوال: اسلام کے بنیادی عقائد کی تعداد کتنی ہے اور ین کے نام بتائیں؟

جواب: پانچ ہیں:۔ ۱) توحید ورسالت کا اقرار ۲) نماز ۳) روزہ ۴) زکوۃ ۵) حج، ان میں سے بعد والے چار ارکان کو عبادت کہا جاتا ہے۔

سوال: اناجیل اربعہ کے نام لکھیں؟

جواب: نئے عہد کی پہلی چار کتابیں ہیں:۔ متی، لوقا، مرقس اور یوحنا اناجیل اربعہ کہلاتی ہیں۔

سوال: حدیث کے لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں؟

جواب: حدیث کے لغوی معنی بات کرنے اور گفتگو کرنے کے ہیں۔ اصطلاح میں اس سے مراد آپ ﷺ کے اقوال وافعال ہیں۔

سوال: صحیح بخاری کا اصل نام تحریر کریں؟

جواب: صحیح بخاری کا اصل نام ''الجامع الصحیح المسند'' ہے۔

سوال: دور رسالت میں حدیث لکھنے والے مشہور صحابی کا نام لکھیں؟

جواب: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ۔

سوال: سورہ الحشر میں کس قبیلے کی جلاوطنی کا ذکر ہے؟

جواب: قبیلہ بنو نضیر کی جلاوطنی ہے۔

سوال: اقانیم ثلاثہ سے کونسے اقانیم مراد ہیں؟

جواب: اقانیم اقنوم کی جمع ہے اس کا معنی ہے ستون، ثلاثہ تین کو کہتے ہیں۔ پہلا اقنوم باپ یعنی خدا، دوسرا اقنوم بیٹا یعنی حضرت مسیح اور تیسرا اقنوم خدا کی صفت کلام۔ یہ تین مل کر بھی خدا ہیں اور الگ الگ بھی خدا ہیں۔

سوال: مال فَے کے کتنے مصارف کا ذکر سورہ الحشر میں ہے؟

جواب: پانچ کا ذکر ہے:ا۔قربت داروں ۲۔مسکینوں ۳۔محتاجوں ۴۔مہاجروں ۵۔مسافروں

سوال: ہندوازم میں تصورالہ کیا ہے؟

جواب: ہندوازم میں تصورالہ میں تریمورتی کا تصور بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ تین دیوتا۔ برہما، وشنو اور شیو جی ہیں۔ برہما ہندو تثلیث کا پہلا رکن ہے۔ وشنو اور شیو جی نے دنیا کا نظام سنبھال رکھا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہندو برہما کی بجائے وشنو اور شیو جی کی پرستش کرتے ہیں اور اسی سے مدد طلب کرتے ہیں۔

سوال: جونی چکر سے کیا مراد ہے؟ اور یہ کس مذہب کا عقیدہ ہے۔

جواب: ہندو عقیدہ آخرت کے مطابق انسان کو اپنے اعمال کے مطابق مرنے کے بعد مختلف روپ اختیار کرنا پڑتے ہیں اسے آواگوان تناسخ یا جونی چکر کہتے ہیں۔ ہندو دھرم کا عقیدہ ہے۔

سوال: سونے اور چاندی کا نصاب تحریر کریں؟

جواب: ساڑھے باون تولہ چاندی اور ساڑھے سات تولہ سونا نصاب زکوۃ ہے۔

سوال: سورہ الحشر کا دوسرا نام کیا ہے؟ اور یہ کس پارے میں ہے۔

جواب: سورۃ بنو نضیر

سوال: بیعت عقبہ ثانیہ میں کتنے آدمیوں نے بیعت کی تھی؟

جواب: عقبہ ثانیہ میں اسی (۸۰) افراد نے مدینہ منورہ سے آکر آپ ﷺ کے ہاتھوں بیعت کی تھی۔

سوال: دنیا اور آخرت کے لغوی معنی تحریر کریں؟

جواب: دنیا کے معنی ہیں قریب کی چیز اور لفظ آخرت کے معنی ہیں سب سے پیچھے، آخر میں آنے والی، بعد میں آنے والی چیز کے ہیں۔

سوال: الصحیفہ ہمام بن منبہ کے برے میں تحریر کریں؟

جواب: صحیفہ سے مراد عہد رسالت میں حدیث کا مجموعہ کا نام ہے۔ ''الصحیفہ ہمام بن منبہ'' حضرت عبداللہ ابن عباس کا صحیفہ ہے۔ جسے ان کے شاگرد ہمام بن منبہ نے روایت کیا۔ یہ صحیفہ مسند احمد بن حنبل میں موجود ہے۔ دو خطوط ہیں ایک برلن میں اور دوسرا دمشق میں ملا ہے۔

سوال: کاتبین وحی میں سے چار کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ حضرت خلفائے راشد بن رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعینؓ ۲۔ حضرت امیر معاویہؓ ۳۔ حضرت خالد بن ولیدؓ ۴۔ حضرت خالد بن سعیدؓ

سوال: زبور اور انجیل کے معنی لکھیں اور بتائیں کہ یہ کن انبیاء پر نازل ہوئیں؟

جواب: زبور کے معنی '' '' کے ہیں اور یہ حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ انجیل کے معنی ''خوشخبری'' کے ہیں اور یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ توریت کے معنی ''قانون'' کے ہیں، اور یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

سوال: اسلامی مملکت کے رئیس کے خطابات لکھیں؟

جواب:

سوال: جامع اور سنن میں فرق واضح کریں؟

جواب: جامع اور سنن حدیث کی کتب ہیں۔ جامع میں ''جامع ترمذی'' ہے جو امام محمد بن عیسیٰ ترمذی کی تالیف ہے اور ان کا حدیث میں تیسرا نمبر ہے۔ اور سنن میں ''سنن ابوداؤد'' ہے، جو سلیمان بن اشعث بن اسحٰق کی تالیف ہے، اور اس کا حدیث کی کتب میں چوتھا نمبر ہے۔ سنن میں دوسرے نمبر پر ''سنن ابن ماجہ'' ہے جو محمد بن یزید بن ماجہ کی تالیف ہے اور حدیث کی کتب میں پانچواں نمبر ہے۔ سنن میں تیسرے نمبر پر ''سنن نسائی'' ہے جو احمد بن شعیب ابوعبدالرحمٰن کی تالیف ہے۔ اور حدیث کی کتب میں چھٹا نمبر ہے۔

سوال: حدیث نبوی ﷺ کے مطابق قیامت کے روز اللہ کے عرش کے سایہ پانے والوں میں سے چار کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ منصف حکمران مثلاً بادشاہ، صدر یا وزیراعظم جو عدل کے مطابق حکومت کرتا ہو۔ ۲۔ وہ نوجوان جس کی زندگی اللہ کی عبادت میں گزری۔ ۳۔ وہ آدمی جس نے تنہائی میں اللہ کو یاد کیا۔ ۴۔ وہ آدمی جس کا دل مسجد سے لگا ہو۔ ۵۔ وہ دو آدمی جو صرف اللہ کے لیے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہوں۔ ۶۔ وہ مرد کو کسی حسین اور خوبصورت عورت کی دعوت گناہ کو یہ کہہ کر ٹھکرا دے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں۔ ۷۔ وہ آدمی جو اللہ کی راہ میں صدقہ کرے اس حد تک رازداری سے کام لے کہ اس کا بایاں ہاتھ بھی نہ جانتا ہو کہ دایاں ہاتھ کیا دے رہا ہے۔

سوال: رسالت محمدی ﷺ کے چار امتیازات تحریر کریں؟

جواب: ۱۔انسانی تربیت ۲۔انسانیت کی راہنمائی ۳۔خدائی احکام کی وضاحت ۴۔مثالی نمونہ ۵۔ردطاغوت

سوال: زکوۃ اور ٹیکس میں فرق کیا ہے؟

جواب: ٹیکس آمدن کے مطابق وصول کیا جاتا ہے جبکہ زکوۃ صرف بچت پر عائد ہوتی ہے۔ ٹیکس کی شرح اور مصارف تبدیل ہوتے رہتے ہیں جبکہ زکوۃ کی شرح اور مصارف طے شدہ ہیں۔

سوال: اسماء الحسنی میں سے چار اسماء کے نام لکھیں؟

جواب: ۱) اللہ: عبادت کے لائق ۲) الملک: بادشاہ حقیقی، سچا بادشاہ ۳) القدوس: منبع طہارت و پاکیزگی، سرچشمہ تامہ کا مرقع ۴) السلام: سلامتی عطا کرنے والا، سراپا سلام وسکون۔

سوال: کلمہ طیبہ صحیح اعراب کے ساتھ لکھیے اور اس کا ترجمہ کیجیے؟

جواب: ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ''

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

سوال: اہمیت حدیث پر ایک قرآنی آیت لکھیں؟

جواب: قل اطیعو اللہ واطیعوا الرسول (آل عمران)

ترجمہ: اور اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو۔

سوال: وحی متلو اور وحی غیر متلو کا مطلب واضح کریں؟

جواب: ایسی وحی جس کی تلاوت کی جاتی ہے (جیسے قرآن پاک) وحی متلو کہلاتی ہے۔ وحی غیر متلو ایسی وحی جس کی تلاوت نہیں کی جاتی (یعنی نماز میں) وحی غیر متلو کہلاتی ہے۔ جیسے احدیث نبویہ۔

سوال: عقیدہ ختم نبوت پر ایک حدیث اور ایک ایت لکھیں؟

جواب: آیت: ''ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسولا اللہ و خاتم النبیین''

ترجمہ: محمد ﷺ تم میں سے کسی مردوں کے باپ نہیں بلکہ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں۔

آیت: ''انا خاتم النبیین لا نبی بعدکا''

ترجمہ: میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

سوال: حدیث کی تین مشہور اقسام کے نام لکھیں؟

جواب: حدیث کی درج ذیل مشہور اقسام ہیں: ۱۔قولی احدیث ۲۔فعلی احدیث ۳۔تقریری احدیث

سوال: برزخ سے کیا مراد ہے؟

جواب:

سوال: قرآن کا منظوم ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: علامہ سیماب اکبر آبادی۔

سوال: بہشتی زیور کس کی کتاب ہے؟

جواب: مولانا اشرف تھانوی۔ کتاب گیارہ حصوں پر مشتمل ہے۔

سوال: امام غزالی کی دو تصنیف کا نام لکھیں؟

جواب: کیمائے سعادت اور احیائے علوم۔

سوال: ایمان بالکتب السماویہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایمان ابالکتب السماویہ سے مراد آسمانی کتابیں ہیں۔ یعنی وہ صحیفے اور کتابیں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی راہنمائی کے لیے اپنے نبیوں پر اتاریں۔ مثلاً مشہور کتابیں:

توریت، زبور، انجیل اور قرآن مجید۔

سوال: حدیث کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: تین ہیں: ۱۔قولی حدیث ۲۔فعلی حدیث ۳۔تقریری حدیث۔

سوال: راویوں کے لحاظ سے حدیث کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: خبر متواتر، خبر مشہور اور خبر واحد۔

سوال: مرسل اور غیر مرسل حدیث سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایسی حدیث جس میں سند کا سلسلہ نہیں ہوتا اس کو مرسل کہتے ہیں۔ صحابہؓ کی احادیث مرسل کہلاتی ہیں۔ اور تمام مذاہب میں قابل قبول سمجھی جاتی ہیں۔ ایسی روایت جس میں راوی اپنی سند سلسلہ وار بیان کرتا ہے وہ حدیث غیر مرسل کہلاتی ہے۔

سوال: اخلاق رذائل کی لسٹ تیار کریں۔

جواب: جھوٹ، خیانت، بہتان، بدگوئی، بدگمانی، حسد، خوشامد، ریا، حرص وطمع، غیظ وغضب، فحش گوئی، فضول خرچی، رشوت، شراب خوری، حب وجا، جھوٹی قسمیں کھانا، دغا بازی، فریب، چغل خوری، غیبت، بخل، فخر وغرور، ظلم، خود پسندی، فحاشی وزنا، چوری، سود خوری، غلول اور حب مال۔

سوال: شوریٰ کے عناصر لکھیں؟

جواب: ۱۔امام ۲۔امت ۳۔ارکان شوریٰ ۴۔رائے دہندگان ۵۔مجلس اہل حل وعقد۔

Prepare by: Muhammad Mazhar #03037619693 www.facebook.com/mazhar.tanha.39

www.twitter.com/mazhar1kathia mazhar03037619693@gmail.com for wattsapp +923037619693

سولوہائی: محمد مظہر

کمپوزہائی: مظہر تنہا (Jassi)

کلاس: ایم اے اقبالیات (پریویس)

رول نمبر: ۰۲

سیشن: ۲۰۱۷-۱۹ء

موبائل نمبر: 0303-7619693

گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج چشتیاں

☆☆☆

پیپر نمبر ۲ کلاسیکل شاعری (CLASSICAL POETERY)

سوال: دوسرا مصرا لگا کر شعر مکمل کریں۔

جواب: تجھ چال کی قیمت سوں دل نمیں مرا واقف اے مان بھری چنچل ٹک بھاؤ بتاتی جا (ولی)

۱

سوال: میر کی آپ بیتی کا نام لکھیں؟

جواب: ''ذکر میر''

سوال: سودا کی دو شعری خصوصیات لکھیں؟

جواب: سودا نے اپنے شعروں میں معاشرتی انتشار، سیاسی ابتری، مراء کی زبوں حالی، ارباب اقتدار کا تغافل، اخلاقی اقتدار کی پامالی اور جہان آباد کے اجڑنے کو شہر آشوب بنایا ہے۔

سوال: غالب کی غزل کی دو فنی خصوصیات لکھیں؟

جواب: جدت طرازی، مشکل پسندی، شوخی و ظرافت، غالب کا تصور غم، نکتہ آفرینی، تصویر کاری، اور سراپا نگاری وغیرہ۔

سوال: مرثیہ انیس کے دو فنی محاسن لکھیں؟

جواب: زبان و بیان، مکالمہ، روزمرہ و محاورہ، ربط و تسلسل، سادگی و سلاست۔

سوال: آتش کا قلندرانہ شعر لکھیں۔

جواب: ا۔ فرشتے سنتے ہیں آواز دور باش کا شور کبھی ہمارے جو واں اہتمام ہوتا

۲۔ خون جگر ہوتا ہے، جو سنتا ہے رو دیتا ہے درد آمیز فقیر اس کے صدا ر کہتے ہیں

سوال: غالب کی نثری تصنیف کا نام لکھیں۔

جواب: ا۔ اردوئے معلّٰی ۲۔ مکاتیب غالب ۳۔ عود ہندی۔

سوال: پہلا مصرا لگا کر شعر مکمل کریں۔

جواب: کوئی خرید کے ٹوٹا پیالا کیا کرتا؟

سوال: نسخہ شیرانی کیا ہے؟

جواب: حافظ محمود شیرانی نے غالب کا دیوان ترتیب و تدوین کیا تھا۔ تو اسے نسخہ شیرانی کہتے ہیں۔

سوال: ولی کی شاعری کی دو بنیادی خصوصیات لکھیں؟

جواب: ا۔ حسن و جمال کی شاعری ۲۔ خارجیت کا تصور ۳۔ ولی کا تصور محبوب ۴۔ اردو شاعری کا باوا آدم ۵۔ خوبصورت تشبہات

سوال: دوسرا مصرا لگا کر شعر مکمل کریں۔

جواب: تجھ لب کی صفت لعل بدخشاں سوں کہوں گا جادو ہیں تیرے نین غزالاں سوں کہوں گا (ولی)

سوال: میر کی دو مثنویوں کی نام لکھیں۔

جواب: ا۔ شعلہ عشق ۲۔ جوش عشق ۳۔ اعجاز عشق ۴۔ معاملات عشق ۵۔ خواب و خیال

سوال: مرثیہ انیس کی مرکزی خصوصیات لکھیں۔

جواب: منظر نگاری، میر انیس کی مرثیہ نگاری کا مرکزی نکتہ ہے۔

سوال: سحر لبیان کے دو زنانہ کرداروں کے نام لکھیں؟

جواب: ا۔ شہزادی بدر منیر ۲۔ نجم النساء کا کردار

سوال: درد کا ناصحانہ شعر لکھیں؟

جواب: درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو ورنہ اطاعت کے لیے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

سوال: غالب کی کسی فارسی تصنیف کا نام لکھیں؟

جواب: ۱۔پنج آہنگ ۲۔مہر نیم روز ۳۔دستنبو ۴۔قاطع برحان ۵۔نامۂ غالب ۶۔سکھ چین

سوال: پہلا مصرعہ لگا کر شعر مکمل کریں

جواب: میر جی چاہتا ہے کیا کیا کچھ

سوال: میر کے دو شارحین کے نام لکھیں؟

جواب: شمس الرحمٰن فروقی، ڈاکٹر سید عبداللہ (ولی سے اقبال تک)

سوال: سودا کی شاعری کی دو بنیادی خصوصیات لکھیں؟

جواب: سودا نے اپنے شعروں میں معاشرتی انتشار، سیاسی ابتری، مراء کی زبوں حالی، ارباب اقتدار کا تغافل، اخلاقی اقتدار کی پامالی اور جہان آباد لے اجڑنے کو شہر آشوب بنایا ہے۔

سوال: دوسرا مصرعہ لگا کر شعر مکمل کریں۔

جواب: میرے دل میں ہے غالب، شوق وصل وشکواہ ہجراں

سوال: میر کے بنیادی موضوع غم پر لکھے گئے کسی تنقیدی مضمون کا نام لکھیں؟

جواب:

سوال: اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟

جواب: محمد قلی قطب شاہ اور صاحب دیوان شاعرہ ماہ لقا چندا ہے۔

سوال: شعر العجم کیا ہے؟

جواب: شبلی نعمانی کی کتاب ہے۔شعر العجم تنقید کی کتاب ہے جو پانچ جلدوں پر مشتمل ہے۔

سوال: امیر خسرو کے شعری مجموعے کا نام لکھیں؟

جواب: ''عزۃ الکمال''

سوال: ولی کی حسن پرستی کی مثال شعر دیں؟

جواب: ۱۔ صنعت کے مصور نے صباحت لے صفحے پر تصویر بنائی تیری نور کوں حل کر

۲۔ تجھ لب کی صفت لعل بدخشاں سوں کہوں گا جادو ہیں تیرے نیں غزالاں سوں کہوں گا

سوال: آتش کے ہاں لکھنویت کی مثال دیں؟

جواب: درج ذیل شعر لکھنویت کے رنگ میں رنگا ہوا ہے:۔

شب وصل تھی، چاندنی کا سماں تھا بغل میں سنم تھا، خدا مہرباں تھا

سوال: غالب کی نکتہ وری کی مثال شعر سے دیں؟

جواب: یارب زمانہ مٹاتا ہے کس لیے لوح جہاں پر حرف مکرر نہیں ہوں میں

سوال: آتش کی تفہیم پر لکھی کسی کتاب کا نام لکھیں؟

جواب: مقدمہ آتش از خلیل ورحمٰن عظمیٰ۔

سوال: پہلا مصرعہ لگا کر شعر مکمل کریں۔

جواب: طوطی کی طرح آئینہ گفتار میں آوے

سوال: دوسرا مصرعہ لگا کر شعر مکمل کریں۔

جواب: ظلم ہے، قہر ہے، قیامت ہے   یعنی مجھے تم سے محبت ہے

سوال: درد کی دو شاعرانہ خصوصیات لکھیں۔

جواب: ا۔سوز و گداز   ۲۔وحدت الوجود   ۳۔تصوف ۴۔سادگی زبان   ۵۔ عشق حقیقی

سوال: غالب کی غزل کی مرکزی خصوصیات لکھیں؟

جواب: جدت طرازی

سوال: سحرالبیان کی دو مردانہ کرداروں کے نام لکھیں۔

جواب: ا۔بادشاہ کا کردار   ۲۔شہزادہ بے نظیر کا کردار

سوال: پہلا مصرعہ لگا کر شعر مکمل کریں۔

جواب: ظلم ہو، قہر ہو، بلا ہو جو کچھ ہو   کاش کہ تم میرے لیے ہوتے

سوال: نسخہ حمیدیہ کیا ہے؟

جواب: پروفیسر حمید احمد نے غالب کے ایک شعری مجموعہ کو مرتب کیا۔اور اس لحاظ سے اس کو نسخہ حمیدیہ کہتے ہیں۔

سوال: آتش کی شاعری کی دو بنیادی خصوصیات لکھیں؟

جواب: ا۔مبالغہ آرائی   ۲۔رجائیت   ۳۔سوز و گداز   ۴۔سرور و نشاط کا شاعر   ۵۔قلندرانہ مزاج اور اخلاص   ۶۔زندگی کا اثباتی نقطہ نظر

سوال: پہلا مصرعہ لکھیے

جواب: میں کون ہوں اے ہم نفس سوختہ جاں ہوں   اک آگ میرے دل میں ہے شعلہ فشاں ہوں

سوال: میر پر لکھی گئی کسی ایک کتاب کا نام اور اس کے مصنف کا نام لکھیں؟

جواب: نقد میر   مصنف ڈاکٹر سید عبداللہ

سوال: اردو کی دو معروف مثنویوں کے نام لکھیے؟

جواب: ا۔میر الحسن کی ''سحرالبیان''   ۲۔پنڈت دیا شنکر نسیم کی ''گلزار نسیم''   ۳۔نشاطی کی ''پھول بن''

سوال: ''کلیات ولی دکنی'' کے مرتب و مدون کا نام لکھیں؟

جواب: نورالحسن ہاشمی

سوال: ''کلیات نظیر اکبر آبادی'' کے مرتب و مدون کا نام لکھیے؟

جواب: مولانا عبدالباری عاسی صاحب

سوال: آدمی نامہ کا پہلا بند تحریر کریں؟

جواب: دنیا میں بادشاہ ہے سو وہ بھی آدمی   اور مفلس و گدا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

زردار بے نوا ہے سو ہے وہ بھی آدمی   نعمت جو کھا رہا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

ٹکڑے جو مانگتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

سوال: شعر مکمل کریں۔

جواب: کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

سوال: رشک کے موضوع پر غالب کا ایک شعر لکھیں؟

جواب: یوں ہی گر روتا رہا غالب تو اے اہل جہاں   دیکھنا ان بستیوں کو تم کہ ویراں ہو گئیں

سوال: ''نالہ عندلیب'' کس کی کتاب ہے؟

جواب: خواجہ ناصر عندلیب والد خواجہ میر درد

سوال: شعر مکمل کریں۔

جواب: لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا

سوال: آتش کا سال ولادت اور سال وفات لکھیں؟

جواب: ۱۷۶۴ء میں فیض آباد لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا انتقال ۱۸۴۶ء میں ہوا۔

سوال: اردو مرثیہ کے دو بڑے شاعروں کے نام لکھیں؟

جواب: فضلی کو شمالی ہند میں پہلا مرثیہ گو مانا جاتا ہے۔ اس کے بعد سودا، میر، میر ضمیر، میر ضاحک، اور میر حسن وغیرہ۔

سوال: کس شاعر کے ہاں تصوف کا موضوع ایک تجربے کے طور پر ملتا ہے؟

جواب: خواجہ میر درد

سوال: جمال پرست شاعر کس کو کہتے ہیں؟

جواب: ولی دکنی کو

سوال: حالی کی اس کتاب کا نام لکھیں جس میں تنقید کو موضوع بنایا گیا ہے؟

جواب: مقدمہ شعر و شاعری

سوال: دبستان دہلی کی ایک مرکزی خصوصیات لکھیں؟

جواب: ۱۔ داخلیت ۲۔ سوز و گداز ۳۔ قلبی واردات و کیفیات وغیرہ۔

سوال: دبستان لکھنو کی نمائندہ خصوصیات لکھیں؟

جواب: ۱۔ خارجیت ۲۔ لفظی تراش وخراش ۳۔ مرصع کاری ۴۔ محبوب کے سراپا کی تعریف ۵۔ منظر نگاری ۶۔ صنائع بدائع وغیرہ۔

سوال: پہلا مصرعہ لکھیے۔

جواب: یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

سوال: میر تقی میر کے بارے لکھی گئی ڈاکٹر سید عبداللہ کی کتاب کا نام لکھیں؟

جواب: نقد میر

سوال: نظیر اکبر آبادی کی دو نظموں کے عنوانات لکھیں؟

جواب: ۱۔ دوالی ۲۔ برسات کی بہاریں؟

سوال: مرثیے کے بارے شبلی کی کتاب کا نام لکھیں؟

جواب: ''موازنہ انیس و دبیر''

سوال: سحر البیان کے ہیرو اور ہیروئین کا نام لکھیں؟

جواب: مثنوی سحر البیان کا ہیرو بے نظیر اور ہیروئن شہزادی بدر منیر ہے۔

سوال: شاعر الم کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: میر تقی میر کو کہا جاتا ہے۔

سوال: ڈاکٹر سید عبداللہ کی دو کتابوں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ نقد میر ۲۔ میر امن سے عبدالحق تک ۳۔ ولی سے اقبال تک ۴۔ اردو ادب کی ایک صدی

سوال: کس شاعر نے شاعری کو مرصع سازی قرار دیا تھا؟

جواب: آتش کو

سوال: ولی کو ''جمال دوست'' اور ''اسلوب پرست'' جیسے القابات کس نقاد نے دیئے؟

جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ نے

سوال: میر حسن کی مشہور ناز مثنوی کا نام لکھیں؟

جواب: مثنوی سحر البیان

سوال: کس شاعر کی عوامی شاعر کہا جاتا ہے؟

جواب: نظیر اکبر آبادی کو

سوال: غالب کا سن ولادت اور سن وفات لکھیں؟

جواب: ۲۷ دسمبر، ۱۷۹۷ء اور وفات ۱۵ فروری ۱۸۶۹ء

سوال: میر کا ایک شعر لکھیں جس سے ان کا فلسفہ عشق واضح ہو جائے؟

جواب: نظر آئی اک شکل مہتاب میں   کمی آئی جس سے خور وخواب میں

سوال: خواجہ میر درد کے والد کا نام لکھیں؟

جواب: خواجہ محمد ناصر عندلیب

سوال: حالی نے غالب کے بارے میں کون سی کتاب لکھی تھی؟

جواب: ''یادگار غالب''

سوال: درج ذیل کتب کے مصنفین کے نام لکھیں۔

جواب: (۱) اردو شاعری پر ایک نظر   (۲) غزل اور مطالعہ غزل از ڈاکٹر عبادت بریلوی

سوال: ڈاکٹر سید عبداللہ کی کسی ایک کتاب کا نام لکھیں کس کا موضوع شاعری کی تنقید ہو؟

جواب: اشارات تنقید۔

سوال: دابستان دہلی سے تعلق رکھنے والے میر کے دو معاصرین کے نام لکھیں؟

جواب: خواجہ میر درد، مرزا رفیع سودا۔

سوال: سودا اور ذوق کس صنف سخن کے شاعر ہیں؟

جواب: قصیدے۔

سوال: آتش کی غزل کا مطلع مکمل کریں۔

جواب: ہوائے دور مئے خوش گوار راہ میں ہے   خزاں چمن سے جاتی بہار راہ میں ہے

سوال: کتاب ''نقد میر'' کا مصنف کون ہے؟

جواب: ڈاکٹر سید عبداللہ

سوال: سہل ممتنع کسے کہتے ہیں؟

جواب: سہل کے معنی آسان اور ممتنع کے معنی مشکل کے ہیں۔ اصطلاح ادب میں سہل ممتنع ایسے شعر کو کہتے ہیں جس کی مثال بنانا مشکل ہو اگر چہ بظاہر سہل معلوم ہوتا ہو۔

جیسے میر کا شعر: فقیرانہ آئے صدا کر چلے   میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

اصل میں سہل ممتنع کا کمال یہ ہے کہ اگر بول چال کی نثر میں تبدیل کیا جائے تو ترتیب الفاظ تک فرق نہ پڑے۔

سوال: میر تقی میر کا سن ولادت اور سن وفات لکھیں؟

جواب: ۱۷۲۳ء پیدائش آگرہ اور سن وفات ۱۸۱۰ء لکھنؤ۔

سوال: قطعہ کی تعریف کریں؟

جواب: قطعہ کے معنی ٹکڑا یا جزو کے ہیں۔ لیکن اصطلاح میں اس نظم کو کہتے ہیں جس میں کوئی خیال یا واقعہ مسلسل بیان کیا گیا ہو۔ اور اس نظم میں کم سے کم شعروں کی تعداد دو ہوتی

ہے اور زیادہ کی حد مقرر نہیں۔

سوال: **میر انیس کس صنف شاعری کے حوالے سے مشہور ہیں؟**

جواب: مرثیہ صنف شاعری کے حوالے سے معرف ہیں۔

سوال: **غالب کے دیوان کا پہلا شعر لکھیں؟**

جواب: نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا   کاغذی ہے پیراہن ہر پیکر تصویر کا

دیگر اہم سوالات:۔

سوال: **ولی کی شاعری کس قسم ہے؟**

جواب: ولی کی شاعری دیسی علامات، تشبیہات، استعارات، قلبی واردات کا بیان، حسن و عشق وغیرہ کی علامات ملتی ہیں۔

سوال: **میر کا کلیات سب سے پہلے کب شائع ہوا؟**

جواب: فورٹ ولیم کالج سے ۱۸۱۱ء میں اردو ٹایپ میں شائع ہوا۔

سوال: **میر کے کلیات میں اشعار کی تعداد کتنی ہے؟**

جواب: ۱۴۳۴۱

سوال: **میر نے اردو کا ایک تذکرہ لکھا اور یہ کب شائع ہوا؟**

جواب: نکات الشعرا ۱۷۵۲ء میں۔

سوال: **غالب نے "نسخہ حمیدیہ" کتنی عمر میں لکھا؟**

جواب: ۲۴ سال کی عمر میں۔

سوال: **سحرالبیان کے تراجم کون کون سے زبانوں میں ہو چکے ہیں؟ نام لکھیں۔**

جواب: گلکرائسٹ کی فرمائش پر میر بہادر علی حسینی نے ۱۸۰۲ء میں "نثر بے نظیر" کے نام سے کیا۔ انگریزی میں اس کا ترجمہ "سی ڈبلیو باوڈلر" نے کیا، جو کہ ۱۸۱۷ء میں کلکتہ سے شائع ہوا۔ حافظ محمد عبداللہ فتح پوری نے ۱۸۸۹ء میں سحرالبیان کو ڈرامے کی شکل میں پیش کیا۔

سوال: **اجزائے مرثیہ لکھیں؟**

جواب: ۱۔چہرہ ۲۔سراپا ۳۔رخصت ۴۔آمد ۵۔رجز ۶۔جنگ ۷۔شہادت ۸۔بین ۹۔دعاء

سوال: **اردو شاعری کا اولین معمار کسے کہتے ہیں؟**

جواب: ولی دکنی کو۔

سوال: **ولی سے پہلے غزل کے کتنے دور گزر چکے تھے؟**

جواب: دو دور گزر چکے تھے۔

سوال: **ولی نے سفر دہلی کس دوست کی معیت میں کیا اور کب؟**

جواب: شاہ ابوالمعالی کی معیت میں ۱۷۰۰ء۔

سوال: **ولی دکنی کو کس دور کا شاعر کہا جاتا ہے؟**

جواب: ولی کو عبوری دور کا شاعر کہا جاتا ہے۔ ولی نے اپنی غزل کی بنیاد فطری عناصر پہ رکھی۔

سوال: **ولی کی غزل میں کون سی بحروں کا استعمال پایا جاتا ہے؟**

جواب: طویل اور مختصر دونوں بحروں کا استعمال ملتا ہے۔

سوال: **لکھنؤ کی شاعری کا نمائندہ شاعر ناسخ ہے یا آتش؟**

داب: لکھنؤ کا صحیح نمائندہ تو آتش تھا کیونکہ آتش کی شاعری لکھنوی شاعری کی ہی روح لطیف ہے جبکہ ناسخ کی شاعری تو زبان کی شاعری ہے۔ آتش کو ناسخ پر فوقیت حاصل ہے۔ آتش کے یہاں الفاظ نہایت شیریں اور مزیدار ہیں بخلاف ناسخ کے۔ آتش کے یہاں اشعار نیچرل ہیں جبکہ ناسخ کے کلام میں صرف شکوہ الفاظ ہیں۔

سوال: میر کے ہاں شاعری میں کون سی چار قیمتیں بنتی ہیں؟

جواب: ۱۔مصورانہ قیمت ۲۔غنائی قیمت ۳۔جذباتی قیمت ۴۔فکری قیمت

سوال: میر تقی میر کی اردو شاعری میں کیا حیثیت ہے؟

جواب: بقول مولوی عبدالحق کے میر تقی میر سرتاج شعرائے اردو ہیں۔

سوال: مومن کا وہ شعر لکھیں جس کے بارے میں غالب نے کہا تھا کہ مومن میرا سارا دیوان لے لیں اور صرف مجھے وہ شعر دے دیں؟

جواب: تم میرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

سوال: میر نے اپنے زندگی کے روگ کا اعتراف کیسے کیا؟

جواب: میر نے اپنی خودنوشت سوانح عمری ''ذکر میر'' اور ''خواب و خیال'' مثنوی میں کیا ہے۔

سوال: میر کی سن پیدائش و وفات لکھیں؟

جواب: ۱۷۲۳ء، آگرہ۔ وفات ۱۸۱۰ء لکھنؤ۔

سوال: میر کی غزلوں کے کل کتنے دیوان ہیں؟

جواب: چھے دیوان

سوال: غالب اور اقبال میں اشتراک کی شناخت کس نے کی ہے؟

جواب: ڈاکٹر فرمان فتح پوری

سوال: غالب کا وہ شعر لکھیں جو انہوں نے اپنے بارے میں لکھا تھا؟

جواب: کو کبم لا عدم اوج قبولے بود است شرت شعرم بہ گیتی بعد من خواہد شدن

سوال: انیس کے کسی مشہور مرثیہ کا نام لکھیں؟

جواب: ''بخدا فارس میدان تہوار تفاخر''

سوال: اٹھارہیں صدی کے ابتدا میں کن مرثیہ نگاروں کے نام زیادہ معروف ہوئے؟

جواب: سکندر، گدا اور مسکین کے نام زیادہ معروف ہوئے۔

سوال: میر کے مرثیہ کا پہلا قطع لکھیں؟

جواب:
جب قطع کی مسافت شب آفتاب نے جلوہ کیا سحر کے رخ بے حجاب نے
دیکھا سوئے فلک شہ گردوں رکاب نے مڑ کر صدا رفیقوں کو دی اس جناب نے
آخر ہے رات حمد و ثنائے خدا کرو اٹھو فریضہ سحری کو ادا کرو

سوال: چندان شاعروں کے نام لکھیے جو نظیر کی ادبی بے انصافی کے مرتکب ہوئے ہیں؟

جواب: مولانا حالی، شیفتہ، شبلی، حکیم قدرت اللہ۔

سوال: نظیر کی باقاعدہ حمایت کس نے کی؟

جواب: نظیر کی باقائدہ حمایت کا آغاز ڈاکٹر فیلن نے اپنی کتاب ''ہندوستانی انگلش ڈکشنری'' میں کیا۔ اور ان کی پہلا عوامی یا قومی شاعر قرار دیا ہے۔

سوال: سلجوقی ترکوں سے کس مشہور شاعر کا تعلق تھا؟

جواب: مرزا غالب کا۔

سوال: کس عمر میں مرزا غالب نے شعر کہنے شروع کیے؟

جواب: تیرہ سال کی عمر میں۔

سوال: مرزا غالب کو ۲۷۔۱۸۲۸ء میں کلکتہ کس مقصد کے لیے گئے؟

جواب: اپنی پنشن کے دعویٰ کی پیروی میں۔

سوال: مرزا غالب کی اردو فارسی تصانیف کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: ۲۴

سوال: دارالسرار کا خطاب غالب نے کس شہر کو دیا؟

جواب: رام پور شہر کو۔

سوال: ملکہ وکٹوریہ کو مرزا غالب اپنی کونسی تصنیف پیش کرنے کا ارادہ رکھتے تھے؟

جواب: دستنبو

سوال: مرزا غالب کے پہلے دیوان کو کس نے مرتب کیا؟

جواب: مولانا فضل الحق خیر آبادی نے۔

سوال: مرزا غالب نے کل کتنے قصائد لکھے تھے؟

جواب: چونسٹھ (۶۴)

سوال: مرزا غالب کے کل کتنی غزلیں لکھیں؟

جواب: تقریباً ۳۲۸

سوال: مرزا غالب کی کل کتنی مثنویاں لکھیں؟

جواب: گیارہ مثنویاں۔

سوال: غالب کی اس کتاب کا نام لکھیں جس میں انشاپردازی کے اصول بتائیں گئے ہیں؟

جواب: پنج آہنگ میں۔

سوال: ''قاطع برہان'' کا دوسرا نام لکھیں؟

جواب: درفش کاویانی

سوال: غالب کی اردو کی اہم تصنیفات کے نام لکھیں؟

جواب: ا۔دیوان غالب ۲۔عود ہندی ۳۔اردوئے معلیٰ ۴۔مکاتیب غالب ۵۔نقات غالب ورقعات غالب ۶۔قادر نامہ

سوال: غالب کی فارسی کی اہم تصانیف کون سی ہیں؟

جواب: ا۔کلیات نظم فارسی ۲۔قاطع برہان ۳۔دستنبو ۴۔درفش کاویانی ۵۔مہر نیم روز ۶۔سبد چین ۷۔سبد باغ وور
۸۔دعائے صباح ۹۔غالب ۱۰۔کلیات نثر فارسی ۱۱۔پنج آہنگ ۱۲۔متفرقات غالب

سوال: غالب کا لقب کیا تھا؟

جواب: مرزا نوشہ۔

سوال: مرزا غالب کا خطاب کیا تھا؟

جواب نجم الدولہ۔

سوال: غالب کا شجرہ نسب کس کے جاملتا ہے؟

جواب: نوراں ابن فریدون سے۔

سوال: خان آرزو نے سودا کے شعر کو کیا کہا؟

جواب: "حدیث قدسی"

سوال: محمد رفیع سودا نے سب سے پہلے شاعری کی کس صنف کو لکھا؟

جواب: مسدس کو۔

سوال: اردو شاعری کا پہلا تذکرہ کون سا تھا؟

جواب: مرزا علی لطیف نے "گلشن ہند" کے نام سے لکھا۔

سوال: میر تقی میر نے اپنے تذکرہ "نکات شعراء" میں کس کا ذکر کیا ہے؟

جواب: اپنی شاعرہ صاحبزادی کا۔

سوال: میر ببر علی انیس کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: اردو کا ہومر۔

سوال: جدید اردو شاعری کا امام کسے کہتے ہیں؟

جواب: مولانا الطاف حسین حالی۔

سوال: میر تقی میر کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: اردو کا خدائے سخن۔

سوال: خان آرزو کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: چراغ محفل فصاحت۔

سوال: نواب آصف الدولہ نے کس کو ملک الشعراء کا خطاب دیا؟

جواب: مرزا رفیع سودا کو۔

سوال: ولی دکنی کے والد کا نام لکھیں؟

جواب: شریف محمد علوی۔

سوال: میر تقی میر کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: محمد تقی۔

سوال: میر تقی میر کا زمانہ حیات لکھیں؟

جواب: ۱۷۲۳ء تا ۱۸۱۰ء تک کا ہے۔ آپ اکبر آباد (آگرہ) میں پیدا ہوئے اور لکھنؤ میں وفات پائی۔

سوال: میر تقی میر کو کب لکھنؤ آنا پڑا؟

جواب: دلی اجڑنے کے بعد ۱۷۸۳ء میں۔

سوال: میر تقی میر کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: خدائے سخن اور شہنشاہ غزل۔

سوال: خواجہ میر درد کا دور کب تک کا ہے؟

جواب: ۱۷۲۰ء تا ۱۷۸۵ء تک کا ہے۔

سوال: خواجہ میر درد کا نام "خواجہ میر" کس نے رکھا؟

جواب: خواجہ میر کے نانا میر سید محمد حسینی قادری نے ان کا نام "خواجہ میر" رکھا۔ خواجہ میر کے والد کا نام "عندلیب" تھا چنانچہ انہوں نے عندلیب کی رعایت سے اپنا تخلص "درد" رکھا۔

سوال: آتش کا اصل نام لکھیں؟

جواب: خواجہ حیدر علی (۱۷۶۴ء تا ۱۸۴۶ء) فیض آباد میں پیدا ہوئے۔

سوال: آتش کے اباؤ اجداد کہاں کے تھے؟

جواب: بغداد کے، اور بغداد سے ہندوستان آئے، پہلے ان کا قیام دہلی میں رہا، پھر کچھ عرصہ بعد ریاست اودھ میں آباد ہو گئے۔

سوال: آتش کن کے شاگرد تھے؟

جواب: مصحفی کے۔

سوال: میرحسن کا اصل نام لے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: میرحسن جن کا نام میر غلام حسین تھا۔ اور تخلص حسن تھا۔

سوال: میرحسن کا سال ولادت و وفات لکھیں؟

جواب: مصحفی نے میرحسن کے بارے میں لکھا ہے کہ ''عشرہ محرم میں ان کی رحلت ہوئی۔ ان کی عمر ساٹھ سال سے زیادہ تھی۔'' میرحسن کا سال ولادت ۲۸ ۱۷۲۷ء جبکہ سال وفات ۸۷ ۱۷۸۶ء بتایا جاتا ہے۔

سوال: میرحسن کی جائے پیدائش لکھیں؟

جواب: میرحسن پرانی دلی محلّہ سیدواڑہ میں پیدا ہوئے اور یہیں ان تعلیم و تربیت ہوئی۔

سوال: میرحسن کی دو تصنیف کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ کلیات میرحسن ۲۔ تذکرہ شعرائے اردو

سوال: نظیر اکبرآبادی کی حیات کا دورانیہ لکھیں؟

جواب: ۱۷۳۵ء تا ۱۸۳۰ء۔ اکبرآباد میں پیدا ہوئے۔

سوال: نظیر اکبرآبادی کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: ولی محمد۔ اور باپ کا نام محمد فاروق تھا۔

سوال: مرثیہ کی کتنی اقسام لکھیں؟

جواب: تین قسم کا ہوتا ہے:۔ ۱۔ شخصی مرثیہ ۲۔ مذہبی مرثیہ ۳۔ قومی مرثیہ

سوال: میرتقی میر نے ''نکات شعراء'' میں کن ابتدائی مرثیہ خواں اور مرثیہ گو شعراء کا تذکرہ کیا ہے؟

جواب: ان میں میر امانی، میر عاصی، میر علی آل درخشاں، سکندر صبر، ندیم، قادر اور گمان وغیرہ مرثیہ گو شعراء کا تذکرہ کیا ہے۔

سوال: میرانیس کا اصل نام لکھیں؟

جواب: میر ببر علی انیس ۱۸۰۳ء فیض آباد،

سوال: اردو غزل کس کی مرہون منت ہے؟

جواب: فارسی کی۔

سوال: دبستان لکھنؤ کے نمائندہ غزل گو کے نام لکھیں؟

جواب: انشاء، جرات، رنگین، ناسخ اور آتش۔

سوال: دبستان دلی کے نمائندہ غزل گو کے نام لکھیں؟

جواب: میر، درد، ظفر، شیفتہ، غالب اور سودا۔

سوال: دو غزل گو کے نام لکھیں جو اپنے انداز میں سب سے منفرد ہیں؟

جواب: غالب اور نظیر اکبرآبادی۔

سوال: جدید غزل کے بانی کون ہیں؟

جواب: حالی۔

سوال: ہیئت کے لحاظ کے قصیدہ کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: ا۔تمہیدیہ ۲۔مدحیہ۔

سوال: اردو شاعری کے دکنی دور کے چار قصیدہ گو کے نام لکھیں؟

جواب: ا۔ملک خوشنود ۲۔شاہ امین الدین اعلیٰ ۳۔مشتاق ۴۔نصرتی۔

سوال: غالب نے کتنے قصیدے لکھے؟

جواب: غالب نے چار قصیدے لکھے، لیکن ان کا معیار بہت بلند ہے۔

سوال: انیس ودبیر کے مرثیے کس نوعیت کے ہیں؟

جواب: ان میں حضرت امام حسین اور ان کے اعزہ واقربا اور شہدائے کربلا کا ذکر ہے۔

سوال: کیا مرثیہ فارسی شاعری سے مستعار ہے؟

جواب: نہیں یہ اردو شاعری کی اپنی ایجاد ہے۔

سوال: کن شعراء کے زمانے میں مرثیے نے ایک متعین اور واضح شکل وصورت اختیار کی؟

جواب: میر انیس ودابیر کے زمانے میں۔

سوال: اردو مرثیے کا سراغ کن کے ہاں ملتا ہے؟

جواب: دکنی شعراء کے ہاں۔

سوال: چار مرثیہ نگاروں کے نام لکھیں؟

جواب: ان میں آبرو، سودا، میر، غالب اور میر حسن ہیں۔

سوال: کس کے عہد میں بڑی کثرت سے شہر آشوب لکھے گئے؟

جواب: محمد شاہ کے عہد میں لکھے گئے، اور ان میں نادر شاہی حملے، دلی کی بربادی، اور ہندوستان کی فوج کی بزدلی کا ذکر ہے۔

سوال: میر وسودا کے شہر آشوب اپنے زمانے کی کس فضا کی عکاسی کرتے ہیں؟

جواب: اپنے زمانے کی سیاسی فضا کی۔

سوال: حالی کے شہر آشوب کے نام لکھیں؟

جواب: ا۔مدوجزر اسلام ۲۔شکوہ ہند

سوال: شبلی کے اہم شہر آشوب کا نام لکھیں؟

جواب: اسلام زیادہ اہم۔

سوال: کسی ایک شعر کی پیروڈی لکھیں؟

جواب: اصل شعر:

اے عشق تو نے اکثر قوموں کو کھا کے چھوڑا ‌ ‌ ‌ جس گھر سے سر اٹھایا اس کو بٹھا کے چھوڑا

پیروڈی:

اے سوٹ تو نے اکثر کپڑوں کو کھا کے چھوڑا ‌ ‌ ‌ پوشاک مشرقی کا خاکہ اڑا کے چھوڑا

سوال: کس کے اشعار میں اردو گیت کی اولیں جھلک نظر آتی ہے؟

جواب: امیر خسرو کے اشعار میں۔

سوال: ان شعراء کے نام لکھیں کن کی شاعری میں اردو گیت کے ابتدائی نمونے ملتے ہیں؟

جواب: دکنی شعراء میں محمد قلی قطب شاہ، وجہی، غواصی، میراں شاہ ہاشمی، کی شاعری میں اردو گیت کے ابتدائی نمونے ملتے ہیں۔

سوال: دور جدید کے چار گیت نگاروں کے نام لکھیں؟

جواب: ان میں قتیل شفائی، مجید امجد، ناصر شہزاد اور زبیر رضوی وغیرہ۔

سوال: کس کس موضوعات پر مثنویاں لکھی گئی ہیں؟

جواب: اخلاقی، مذہبی اور تاریخی موضوعات پر۔

سوال: کیا مثنوی میں شروع سے آخر تک قافیہ یا ردیف کی پابندی ہوتی ہے؟

جواب: نہیں۔ اور مثنوی کے اشعار کی تعداد پر پابندی نہیں ہوتی۔

سوال: ایک معیاری مثنوی میں کن خصوصیات کا ہونا ضروری ہوتا ہے؟

جواب: ا۔ربط وتسلسل ۲۔حسن وترتیب ۳۔وضاحت وبیان ۴۔جزئیات نگاری ۵۔کریکٹر کی انفرادیت ٦۔کریکٹر کا اتحاد ۷۔تکذیب بیان سے اجتناب ۸۔فطری پن ۹۔زبان وبیان

سوال: مثنوی کس کی جدت طبع کا کرشمہ ہے؟

جواب: فارسی شعراء کی جدت طبع کا کرشمہ ہے۔

سوال: اردو میں آزاد نظم کا بانی کون ہے؟

جواب: ن۔م راشد اور تصدق حسین خالد۔

سوال: آزاد نظم لکھنے والے شعراء میں پانچ کے نام لکھیں؟

جواب: ا۔میراجی ۲۔سردار جعفری ۳۔فیض ۴۔احمد ندیم قاسمی ۵۔وزیر آغا

سوال: علامہ شبلی نعمانی نے فصاحت کی تعریف کس کتاب میں کی ہے؟

جواب: موازنہ انیس ودبیر۔

سوال: کلاسیکیت کی ضد کیا ہے؟

جواب: رومانویت۔

سوال: فصاحت اجزائے کلام میں کس چیز کا نام لکھیں؟

جواب: حسن ترتیب کا نام ہے۔

سوال: کس مشہور شاعر کے ہاں معاملہ بندی کی لطیف مثالیں ملتی ہیں؟

جواب: غالب کے ہاں۔

سوال: میرانیس کے طویل مرثیہ کا عنوان کیا ہے؟

جواب: نمود صبح۔

سوال: میرانیس کی مرثیہ میں زبان وخیال کے اعتبار سے کن نے پیروی کی؟

جواب: شاہ عظیم آبادی۔

سوال: میر حسن کی چند مثنویوں کے نام لکھیں؟

جواب: ا۔سحرالبیان ۲۔گلزار ارم ۳۔رموز العارفین ۴۔ہجو حویلی۔

سوال: میر حسن نے کل کتنی مثنویاں لکھیں؟

جواب: گیارہ۔

سوال: شرح دیوان غالب لکھنے والوں کے نام لکھیں

جواب: جوش ملسیانی اور قاضی ذوالفقار احمد۔

سوال: کوئی سے دو نثری شاعروں کے نام لکھیں؟

جواب: سلیم الرحمن، نجم حسین سید۔

سوال: مرزا سودا نے پہلی بار کس کو بطور فن پیش کیا؟

جواب: ہجو کو۔

سوال: کن شعراء نے اردو میں ہجو نگاری کی؟

جواب: شاکر ناجی، میر ضاحک، مرزا سودا، انشاء اللہ خان انشاء، اور بقاء اللہ خاں۔

سوال: قصیدے کی ضد کیا ہے؟

جواب: ہجو۔

سوال: میر تقی میر نے کل کتنی مثنویاں لکھیں؟

جواب: ۳۵۔

سوال: مرزا غالب کی چند مثنویوں کے نام لکھیں؟

جواب: ابر گہر بار، امتناع النظر، چراغ دیر۔

سوال: غالب کے قصیدوں کی تعداد لکھیں؟

جواب: اردو میں تین (۳) اور فارسی میں چونسٹھ (۶۴)۔

سوال: اردو غزل میں سودا کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: قصیدے کی صنف کا نقاش اول اور اردو قصیدے کا سرتاج۔

سوال: غالب کا قصیدہ کس اعتبار سے مسلم ہے؟

جواب: جدت کے اعتبار سے۔

سوال: مرزا رفیع سودا نے کل کتنے قصائد لکھے؟

جواب: اکتالیس (۴۱)۔

سوال: میر نے کل کتنے قصیدے لکھے؟

جواب: پانچ (۵)۔

سوال: کس شاعر کے مرثیے مخمس شکل میں ہیں؟

جواب: نظیر اکبر آبادی،

سوال: بہاولپور میں سب سے پہلے مرثیہ کہنے کا اعزاز کس کو حاصل ہے؟

جواب: سید مسعود حسن شہاب دہلوی۔

سوال: فارسی میں پہلا مرثیہ کس نے کہا؟

جواب: شیخ سعدی۔

سوال: شعر مکمل کریں:

جواب: ؎ لگتا نہیں پتا کہ صحیح کون سی ہے بات ‏ دونوں نے مل کر میرؔ ہمیں تو ڈبو دیا

سوال: شعر مکمل کریں۔

جواب: ؎ پھٹا ہزار جا سے گریباں صبر میر ‏ کیا کہہ گئی نسیم سحر گل کے کان میں

سوال: شعر مکمل کریں۔

جواب: ۔ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

سوال: شعر مکمل کریں۔

جواب: ۔ مرگ مجنوں سے عقل گم ہے میر — کیا دوانے نے موت پائی ہے

سوال: شعر مکمل کریں۔

جواب: ۔ عشق کرتے ہیں اس پری رو سے — میر صاحب بھی کیا دوانے ہیں

سوال: میر کا کوئی ایسا شعر لکھیں جس کو اقبال نے میر کے انداز کو ڈھالا ہو؟

جواب: ۔ بت پرستی کو تو اسلام نہیں کہتے — معتقد کون ہے میر ایسی مسلمانی کا

۔ بتوں سے تجھ کو امیدیں، خدا سے نو امیدی — مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے

سولو دہائی: محمد مظہر
کمپوز ہائی: مظہر تنہا (Jassi)
کلاس: ایم اے اقبالیات (پریویس)
رول نمبر: ۰۲
سیشن: ۱۹-۲۰۱۷ء
موبائل نمبر: 0303-7619693
گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج چشتیاں

☆☆☆

پیپر نمبر ۳ افسانوی نثر (FICTION)

سوال: ''باغ و بہار'' کے دو مرتبین کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ڈاکٹر رشید حسین خان ۲۔ڈاکٹر سہیل عباس

سوال: ''فسانہ مبتلا'' کا مرکزی موضوع کیا ہے؟

جواب: تعدادازدواج کی برائیوں اور خامیوں کا اظہار کیا ہے۔اور تعدادازدواج کو ہندوستانی مسلمانوں کے حق میں عذاب ثابت کیا ہے۔

سوال: ''خاک وخون'' کا تعارف کس مایہ نازہستی نے لکھا ہے؟

جواب: محمد علی۔سابقہ وزیراعظم پاکستان۔

سوال: ''امراؤ جان ادا'' فیضو کے ساتھ بھاگ کر کس شہر جاتی ہے؟

جواب: کانپور

سوال: ''آخر شب کے ہمسفر'' مین کن تین تہذیبوں کا زکر ہے؟

جواب: ۱۔بنگالیات ۲۔عیسائیت ۳۔مسلمانیت

سوال: کردار کا ایک سطری تعارف کروائیں؟

جواب: **(۱) بابو گوپی ناتھ (۲) جھنگر**

سوال: منٹو کے ان افسانوں کے نام لکھیں جن پر مقدمات چلے؟

جواب: ۱کالی شلوار ۲۔ٹھنڈا گوشت ۳۔دھواں ۴۔بو ۵۔اوپر نیچے اور درمیان

سوال: غلام عباس کا معروف ناول کون سا ہے اور یہ کب شائع ہوا؟

جواب: ''آنکھیں روتی ہیں''

سوال: انار کلی کس موضوع پر بے خود ہو کر سلیم کو اشارے کرتی ہے اور کون سا رقص پیش کرتی ہے؟

جواب: رقص والے دن، رقص سرور پیش کرتی ہے۔

سوال: اشفاق احمد کے کوئی سے دو افسانوی مجموعوں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ایک محبت سو افسانے ۲۔گرم گرم ۳۔مہمان ۴۔اجلے پھول ۵۔کٹھیا وٹیا ۶۔گڈریا ۷۔سفرینا ۸۔امی ۹۔شب خون

سوال: ''باغ و بہار'' میں سب سے متحرک نسوانی کردار کون سا ہے اور کس قصے میں ہے؟

جواب: وزیرزادی کا کردار

سوال: ''نذیر احمد کی معتوب شخصیتیں'' ان کے کن کرداروں کو کہا جاتا ہے؟

جواب: ۱۔کلیم ۲۔ظاہر دار بیگ ۳۔مبتلا

سوال: ''ناول امراؤ جان ادا'' کا کون حصہ شاعری پر ہے؟ شاعر کا نام لکھیں؟

جواب: حصہ اول۔شاعر: مرزا ہادی رسوا

سوال: ''خاک وخون'' کے دیباچے کا عنوان کیا ہے؟

جواب: اس بوڑھے درخت کے نام

سوال: قرۃ العین ادبی حلقوں میں کن ناموں سے پکاری جاتی ہے؟

جواب: افسانہ خوان مشرق، بقیدحیات

سوال: ''بلونت کور'' اور ''ایشر سنگھ'' منٹو کے کس افسانے کے مرکزی کردار ہیں؟

جواب: ٹھنڈا گوشت۔

سوال: پریم چند کے افسانہ نگاری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ ادوار کے دورانیے کی نشاندہی کریں۔

جواب: ۱۔ پہلا دور: ابتدائی کوشش ۱۹۰۹ء تک ۲۔ دوسرا دور: تاریخی اور اصلاحی افسانے ۱۹۰۹ء سے ۱۹۲۰ء

۳۔ تیسرا دور: اصلاحی اور سیاسی افسانے ۱۹۲۰ء سے ۱۹۳۲ء ۴۔ چوتھا دور: سیاسی اور فکری افسانے ۱۹۳۲ء سے ۱۹۳۶ء

سوال: غلام عباس کے کس افسانے کو چیکوسلواکیہ کا بین الاقوامی ایوارڈ دیا گیا اور یہ کس مجموعے میں شامل ہے؟

جواب: ''آنندی'' اور آنندی کتاب ہی میں شامل ہے۔

سوال: ڈرامہ انارکلی میں پیش کردہ واقعات کب اور کہاں پیش آئے؟

جواب: ایک روایت کے مطابق ۱۵۹۹ء میں اکبر کے وزیر خاص ابوالفضل نے اکبر کو شہزادہ سلیم کی محبت کا اظہار کیا۔

سوال: نصاب میں شامل ڈراموں کے علاوہ ''ایک محبت سو ڈرامے'' کے کوئی سے دو ڈراموں کا ذکر کیجیے؟

جواب: ۱۔ ماہ کنعاں ۲۔ اجراسود ۳۔ معکوس رابطے ۴۔ مراعات محبت ۵۔ افسوس خواب ۶۔ لبیک لبیک ۷۔ چانگھڑ ۸۔ غریب شہر

سوال: باغ و بہار کے چار کرداروں کا یک سطری تعارف لکھیں؟

جواب: ۱۔ **پہلا درویش:** ملک یمن کا شہزادہ اور ایک تاجر خواجہ احمد کا بیٹا ہے جو اپنے باپ کے انتقال کے بعد عیش پرستی میں سب کچھ لٹا دیتا ہے۔ بعد میں بہن ک پاس چلا جاتا ہے۔ ماہ رو اس کی ہیروئن ہے۔ ۲۔ **دوسرا درویش:** دوسرا درریش فارس کا شہزادہ ہے، چودہ برس میں علم و فضل سے مالا مال ہوا، حاتم طائی کی طرح سخی بننے کی کوشش کرتا ہے، شہزادی کی نکاح کی درخواست پر معمہ حل کرتا ہے۔ بصرے کی شہزادی اس کی ہیروئن ہے۔ ۳۔ **تیسرا درویش:** عجم کا شہزادہ، والدین کا اکلوتا بیٹا اور لاڈلا ہے، عشق کا ستایا ہوا اور محبت اور شادی کا احوال بیان کرتا ہے۔ اس کی شریک حیات دریا میں ڈوب جاتی ہے۔ یہ اسے تلاش کرتا ہے، خودکشی کا ارادہ کرتا ہے۔

۴۔ **چوتھا درویش:** چین کا شہزادہ، کم سنی میں یتیم ہو جاتا ہے۔ اس کا چچا شاہی تخت پر قبضہ کے ارادہ سے اسے ختم کرنا چاہتا ہے۔ مصائب کا ستایا خودکشی کرنے کا ارادہ کرتا ہے۔

سوال: نذیر احمد کے معاشرتی ناول کون سے ہیں؟

جواب: ۱۔ مراۃ العروس ۲۔ بنات النعش ۳۔ توبۃ النصوح ۴۔ فسانہ مبتلا ۵۔ ابن وقت

سعال: ''امراؤ جان ادا'' کا موضوع کیا ہے؟ رسوا نے اس موضوع کا انتخاب کیوں کیا؟

جواب: امراؤ جان ادا کا موضوع معاشرتی زوال ہے۔ رسوا نے اس کا موضوع کا انتخاب اس لیے کیا کہ وہ لکھنؤ کی اس وقت کی معاشرے کی عکاسی کر سکے۔

سوال: فسادات سن ۱۹۴۷ کے متعلق اردو افسانے میں کون کون سے رویے نظر آتے ہیں؟

جواب: فسادات سن کے متعلق اردو افسانوں میں افسانہ نگاروں نے تقسیم کے نتیجے میں پیدا ہونے والے حالات اور فسادات کو اپنے افسانوں کا موضوع بنایا۔ ان میں منٹو حاجرہ مسرور، انتظار حسین وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

سوال: ''خاک و خون'' کا پلاٹ کتنے حصوں میں تقسیم ہے اور حصوں کے عنوانات کیا ہیں؟

جواب: چار حصوں میں: ۱۔ دھڑکنیں ۲۔ مسکراہٹیں ۳۔ سرخ لکیر ۴۔ اے قوم

سوال: اردو کا پہلا افسانہ کونسا تھا؟ کب اور کس نے لکھا؟

جواب: سوز وطن پریم چند ۱۹۰۶ء

سوال: منٹو نے اپنی قبر کے لیے کیا کتبہ تجویز کیا تھا؟

جواب: ''یہاں سعادت حسن منٹو دفن ہے۔ اس کے سینے میں افسانہ نگاری کے سارے اسرار و فن ہیں، وہ اب بھی منوں مٹی کے نیچے سوچ رہا ہے کہ وہ بڑا افسانہ نگار ہے یا خدا''

سوال: ''دوشیزہ کاؤ'' اور ''رو پک'' سے کیا مراد ہے؟

جواب:

سوال: غلام عباس کے ان افسانوں کے عنوانات لکھیں جو کسی افسانوی مجموعے میں شامل نہیں؟

جواب: ۱۔ بنگلے والے ۲۔ گوندنی والا تکیہ ۳۔ رینگنے والے ۴۔ روحی ۵۔ بندر والا

سوال: درج ذیل افسانہ نگاروں کے نام لکھیں۔

جواب: (۱) یزید۔ منٹو (۲) لچک۔ غلام عباس (۳) حمام میں۔ غلام عباس (۴) عیدگاہ۔ غلام عباس

سوال: باغ و بہار میں شہزادہ نیمروز کا قصہ کس درویش کی سیر میں ہے؟

جواب: دوسرے درویش کی سیر میں۔

سوال: نذیر احمد کے ناول "فسانہ مبتلا" کا مکانی پس منظر کیا ہے؟

جواب: معاشرتی زوال لکھنؤ۔

سوال: "امراؤ جان ادا" میں عیش باغ کے میلے میں کون سا واقعہ رونما ہوا؟

جواب: بسم اللہ جان اغوا ہو جاتی ہے۔

سوال: "خاک و خون" کے علاوہ نسیم حجازی کے دو تاریخی ناولوں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ محمد بن قاسم ۲۔ آخری چٹان ۳۔ اور تلوار ٹوٹ گئی ۴۔ شاہین ۵۔ یوسف تاشفین

سوال: "آخر شب کے ہمسفر" کا عنوان کون سے شاعر کے کس شعر سے ماخوذ ہے؟

جواب: فیض احمد فیض کے شعر سے ماخوذ ہے۔ جو درج ذیل ہے:

آخر شب کے ہمسفر فیض نجانے کیا ہوئے ۔۔۔ رہ گئی کس جگہ صبا صبح کدھر نکل گئی

سوال: "پریم چند کا تنقیدی مطالعہ" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: ڈاکٹر قمر رئیس

سوال: طوائف کے موضوع پر تحریر کردہ غلام عباس کے کوئی سے دو افسانوں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ اس کی بیوی ۲۔ آنندی ۳۔ حمام میں ۴۔ سیلون ۵۔ بھی تم نہیں سمجھتے

سوال: منٹو صدی کب منائی گئی نیز منٹو پر لکھی گئی کسی ایک کتاب کا نام لکھیں؟

جواب: ۲۰۱۲ء

سوال: انارکلی کا محل وقوع کیا ہے نیز اس کے پہلے ایکٹ میں کتنے مناظر ہیں؟

جواب: انارکلی مغلیہ تمدن کے جلال و جمال کا آئینہ ہے۔ جس میں ہندوستان کے مغلیہ جلال و جمال کے مظاہر دو سو برس گزرنے کے باوجود تاج محل، شاہی قلعہ لاہور، بادشاہی مسجد، لال قلعہ، ہرن مینار وغیرہ۔ کی صورت میں آج بھی سرور رفتہ کے گواہ ہیں۔ جن سے مغلیہ عہد کی عبارت ہے۔ اور پہلے ایکٹ میں چار مناظر ہیں۔

سوال: اشفاق احمد کی وفات کے بعد کون کون سی کتابیں شائع ہوئیں؟

جواب: ۱۔ بابا صاحب (آپ بیتی)

سوال: حاتم اور توقل کا واقعہ باغ و بہار کے کس قصے میں ہے؟

جواب: دوسرے درویش کی سیر میں

سوال: "فسانہ عجائب" اور "فسانہ مبتلا" میں فرق واضح کریں؟

جواب: فسانہ عجائب۔ داستان۔ رجب بیگ سرور ۔۔۔ فسانہ مبتلا۔ ناول۔ ڈپٹی نذیر احمد

سوال: "امراؤ جان ادا" کا اقبال مند کردار کسے کہتے ہیں؟

جواب: پیر بخش کا کردار

سوال: خاک وخون کا مکانی اور زمانی پس منظر کیا ہے؟

جواب: خاک وخون میں ۱۹۴۷ء کے ہندوستان کے فسادات اور فسادات کے نتیجے میں پیدا ہونے والی المناک تصویر کشی کی گئی تھی۔ اس میں یہ بات شرح وسط کے ساتھ بیان کی گئی ہے کہ کس طرح مسلمانوں ہند نے ہندو انگریز کی غلامی کے خلاف جدوجہد آزادی میں حصہ لیا اور کیسطرح انہوں نے غیروں کے علاوہ اپنوں کے سامنے ہی مسلمان صف بسلہ ہونا پڑا۔ انگریز اور ہندوں کی ملی بھگت نے مسلمانان برِاعظم بالخصوص پنجاب کی مسلم اکثریت کے ساتھ جو ناانصافیاں کیں اور اس ساز باز کے نتیجے میں مسلمانوں کے اکثریتی علاقوں کو بھارت میں شامل کر دینے سے جن االمیوں نے جنم لیا اور کس طرح بوڑھوں، بچوں اور عورتوں کے خون کے ہولی کھیلی گئی۔ وہ سب کچھ خاک وخون کا مکانی وزمانی پس منظر ہے۔

سوال: ''آخر شب کے ہمسفر'' کے دو ابواب کے عنوانات تحریر کریں؟

جواب: کل چھیالیس ابواب ہیں۔ چند ایک درج ذیل ہیں: ۱۔ چندر کنج ۲۔ ووڈلینڈ ۳۔ کماری اومارا ے ۴۔ کلثوم آپا ۵۔ شانتی یکتن ۶۔ بدرودی ۷۔ ریحان الدین

سوال: پریم چند کے ان افسانوں کے مجموعوں کا ذکر کیجئے جو دو دو حصوں میں شائع ہوئے؟

جواب: پریم پچیسی، حصہ اول۔ دوم، پریم بتیسی، پریم چالیسی۔

سوال: سیاہ حاشئے کیا ہے؟ سال اشاعت بھی لکھیے؟

جواب: ''سیاہ حاشیے'' منٹو کی فسادات پر لکھے گئے مختصر افسانوں کا مجموعہ ہے اس میں بتیس (۳۲) افسانے شامل ہیں۔ یہ مجموعہ مکتبہ جدید لاہور سے ۱۹۴۸ء شائع ہوئی۔

سوال: کن رس کے کہتے ہیں؟

جواب: غلام عباس۔ افسانوی مجموعہ ۱۹۶۹ء

سوال: انارکلی کی قبر پر کون سا شعر لکھا ہے؟

جواب:

سوال: قرۃ العین افسانہ ہے یا ڈرمہ؟ مصنف کا نام بھی لکھیے؟

جواب: ڈرامہ اشفاق احمد

سوال: باغ و بہار میں پہلا درویش شہر دمشق کے باہر کیا منظر دیکھتا ہے؟

جواب: پہلا درویش رات کے وقت دمشق کے شہر میں پہنچتا ہے۔ آدھی رات کے بعد ایک صندوق قلعے سے نیچے آتا دیکھتا ہے۔ امید، خوف، اور تذبذب کے عالم میں اسے کھولتا ہے تو ایک ''معشوق خوب صورت کامنی سی صورت'' نظر آتی ہے۔ درویش اس پر فریفتہ ہوتا ہے اور اس کا علاج معالجہ کرواتا ہے۔

سوال: نذیر احمد کے معاصر تین ادبی شخصیات کے نام لکھئے؟

جواب: ۱۔ مرزا ہادی رسوا ۲۔ سرشار ۳۔ شرر ۴۔ سرسید احمد خان ۵۔ حالی ۶۔ شبلی ۷۔ مولانا محمد حسین آزاد۔

سوال: ناول ''امراؤ جان ادا'' کا اختتام کس شعر پر ہوتا ہے؟

جواب: ؎ مرنے کے دن قریب ہیں شاید کہ اے حیات
تجھ سے طبیعت اپنی بہت سیر ہو گئی

سوال: نسیم حجازی کے ناول ''خاک وخون'' کے چار کرداروں کے نام لکھیں؟

جواب:

سوال: ''آخر شب کے ہمسفر'' میں کون کون سی تکنیک برتی گئی ہیں؟ دو کا حوالہ دیجیے؟

جواب: ۱۔ انگریزی الفاظ کے استعمال کی تکنیک ۲۔ شعور کی رو کی تکنیک

سوال: پریم چند کے دو افسانوں کے نام لکھیں جن میں مسلم معاشرت کی عکاسی کی گئی ہے؟

جواب: ۱۔ قہر خدا کا، ۲۔ جج اکبر ۳۔ راہ نجات ۴۔ زیور کا ڈبہ ۵۔ لاٹری ۶۔ ماتا ۷۔ بڑے گھر کی بیٹی ۸۔ پنچاہت ۹۔ عبرت ۱۰۔ کفارہ ۱۱۔ ادیب کی عزت ۱۲۔ وفا کی دیوی۔

سوال: غلام عباس کے افسانے ''کتبہ'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

جواب: اس افسانے میں غلام عباس یہ خیال پیش کرتے ہیں کہ ضروری نہیں کہ جو خواب انسان سوتے یا جاگتے میں دیکھتا ہے اسے ان کی تعبیر بھی ملے۔ جو ارمان اور آرزوئیں ان کے سینے میں ہوتے ہیں، وہ سب کے سب پورے بھی ہوں۔

سوال: ''چچا چکن'' کا کردار کا کس مصنف کی پہچان ہے؟ اور کہاں سے اخذ کیا گیا؟

جواب: سید امتیاز علی تاج کا مزاحیہ کردار ہے۔ یہ کردار ''جیروم کے جیروم'' کے معروف مزاحیہ کردار ''انکل بوجر'' کا چربہ ہے۔

سوال: اشفاق احمد کی تاریخ وسال ولادت اور وفات لکھیے؟

جواب: اشفاق احمد ۲۲ اگست ۱۹۲۵ء کو ضلع فیروز پور میں پیدا ہوئے۔

سوال: اس معروف داستان گو اور اس کی داستان کا نام لکھیے؟ جس نے باغ وبہار کی زبان کا مضحکہ اڑایا۔

جواب: رجب علی بیگ سرور نے باغ وبہار کا مضحکہ اڑایا۔

سوال: نرگسیت سے کیا مراد ہے؟ نذیر احمد کے کس کردار کر نرگسیت کہہ سکتے ہیں؟

جواب: نرگسیت سے مراد خود پرستی، محبت ذات، خود اپنی ہر ہر ادا پر سو سو جاں فدا ہونا۔ نذیر احمد کے مبتلا کے کردار کو نرگسیت کہسکتے ہیں۔

سوال: ''امراؤ جان ادا'' کے کرداروں کے بارے میں ڈاکٹر خورشید اسلام کی رائے کا حوالہ دیجئے؟

جواب: چاروں طرف اس کا مواد بکھرا ہوا تھا اور یہ آسانی سے گرفت میں لانا محال تھا۔ اس میں اتنی قوت نہ تھی کہ اسے براہ راست استعمال کر سکیں اور جہاں سے چاہیں بنتے چلے جائیں، سرشار کی طرح ان میں یہ حوصلہ نہ تھا کہ وہ ناممکن کو ممکن اور ممکن کو قطعی ثابت کر دکھا پائیں، وہ ہر سچے فن کار کی طرح شرمیلے تھے اور انہیں یہ گوارا نا تھا کہ وہ ہر وقفہ کے بعد پکار کر کہیں ''تمہیں مجھ پر یقین رکھنا چاہیے جو کچھ دیکھا رہا ہوں وہ ایسا ہی ہے، میں سب کچھ جانتا ہوں''

سوال: قرۃ العین کے ناولٹ کون کون سے ہیں؟

جواب: ۱۔ آگ کا دریا ۲۔ چار ناولٹ ۳۔ ستاروں سے آگے ۴۔ شیشے کا گھر ۵۔ سفینہ غم دل ۶۔ میرے بھی صنم خانے
۷۔ پت جھڑ کی آواز ۸۔ چاندنی بیگم

سوال: پریم چند کا پہلا افسانہ کون سا تھا؟ اور کب شائع ہوا؟

جواب: پریم چند نے پہلا افسانہ ''دنیا کا سب سے انمول رتن'' لکھا اور یہ ۱۹۰۶ء میں ''سوز وطن'' کے مجموعے میں سامنے آیا،

سوال: غلام عباس کے افسانوی مجموعے ''جاڑے کی چاندنی'' کا دیباچہ کس نے لکھا اور کس عنوان سے؟

جواب: ن۔م راشد نے ۔تمہید کے نام عنوان۔

سوال: انارکلی کے پہلے اور آخری ایکٹ میں کتنے منظر ہیں؟

جواب: انارکلی کے پہلے ایکٹ میں چار اور آخری ایکٹ میں پانچ مناظر ہیں۔

سوال: اشفاق احمد کی کوئی سی دو ٹی۔ وی ڈراما سریلز کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ ٹاہلی دے تھلے ۲۔ نور باف

سوال: باغ وبہار کا ماخذ کون سی کتاب ہے؟

جواب: ''نوطرز مرصع''

سوال: فسانہ مبتلا میں نذیر احمد نے کس سماجی مسئلے کی طرف توجہ لائی؟

جواب: فسانہ مبتلا میں نذیر احمد نے سماجی مسئلے ازدواج کی تعداد اور بیوہ عورتوں، زمینی جھگڑے، مردوں کی غیر خیالی کی طرف توجہ کی ہے۔

سوال: مرزا ہادی رسوا کے دو ہم عصر ناول نگاروں کے نام لکھیے؟

جواب: ۱۔ ڈپٹی نذیر احمد

سوال: خاک وخون کا انتساب کس کے نام ہے؟

جواب: اس بوڑھے درخت کے نام

سوال: ''آخر شب کے ہم سفر'' کے مرکزی نسوانی کردار کا ایک سطری تعارف کروائیے؟

جواب: ناول کی ہیروئن دیپالی سرکار ایک تعلیم یافتہ، روشن خیال اور باغیانہ خیالات کی عورت ہے۔ جو متوسط طبقے سے تعلق رکھتی ہے۔ دیپالی اپنے چچا کی طرح انقلابی تحریک کی رکن ہے۔ اس کے دل میں امنگوں، آرزوں اور جوش و جذبہ کی فراوانی ہے۔

سوال: پریم چند کی افسانہ نگاری کے آخری دور میں ان کے کون کون سے افسانوی مجموعے منظر عام پر آئیے؟

جواب: ۱۔انگارے ۱۹۳۲ء ۲۔زادہ راہ ۱۹۳۶ء ۳۔واردات ۱۹۳۲ء ۴۔پریم چالیسی ۵۔آخری تحفہ ۶۔دودھ کی قیمت

سوال: غلام عباس کن کن رسائل کے مدیر رہے؟

جواب: ریڈیو کے اردو رسالہ ''آواز'' اور ''آہنگ'' کے مدیر رہے۔ آپ مشہور جریدے ''پھول'' کے ایڈیٹر رہے۔

سوال: اوپندر ناتھ اشک نے منٹو کے حوالے سے کون سا مشہور مضمون لکھا؟

جواب:

سوال: ڈرامہ انار کلی کب لکھا گیا؟ اور پہلی بار کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۹۲۲ء میں لکھا گیا۔ اور ۱۹۲۳ء میں شائع ہوا۔

سوال: اشفاق احمد کے لیکچرز کا مجموعہ کس نام سے اور کتنی جلدوں میں شائع ہوا؟

جواب:

سوال: باغ و بہار میں جوگی کا کردار کس درویش کی سیر میں ہے؟

جواب: دوسرے درویش کی سیر میں۔

سوال: نذیر احمد کے کس ناول میں ان کے سیاسی تصورات نمایاں ہیں؟

جواب: ''ابن وقت'' کے ناول میں سیاسی تصورات نمایاں ہیں۔

سوال: مرزا ہادی رسوا کے سوانحی ناول کا نام لکھیے؟

جواب: شریف زادہ۔ دسمبر ۱۹۰۰ء۔

سوال: قرۃ العین حیدر کا اولین ناول کونسا تھا اور کب شائع ہوا؟

جواب: ''میرے بھی صنم خانے''۔ فروری ۱۹۴۹ء میں مکتبہ جدید لاہور سے طبع ہوا۔

سوال: پریم چند کے کس افسانے کو داستان زاد کہا گیا؟

جواب: سوز وطن کے مجموعہ کو داستان زاد کہا گیا۔

سوال: نفسیاتی موضوع پر لکھے گئے منٹو کے چار افسانوں کے عنوان لکھیے؟

جواب: ۱۔ ہتک ۲۔بو ۳۔بابو گوپی ناتھ ۴۔کالی شلوار ۵۔دھواں ۶۔پانچ دن۔

سوال: مصنفین کے نام لکھیے۔

جواب: (۱) ستمبر کا چاند (۲) تلخ، ترش اور شیریں۔ منٹو (۳) دھنک (۴) آخری چٹان۔ نسیم حجازی

سوال: پہلے درویش کی محبوبہ کا تعلق کس ملک سے تھا؟

جواب: ملک دمشق سے۔

سوال: اردو کا سب سے پہلا ناول کون سا ہے؟ اور کب شائع ہوا۔

جواب: مراۃ العروس ۱۸۶۹ء میں (ڈپٹی نذیر احمد)

سوال: امراؤ جان ادا نے آغاز کے مشاعرے میں پہلا شعر کون سا پڑھا؟

جواب: ؎ کس کو سنائیں حال دل زار اے ادا آوارگی میں ہم نے زمانے کی سیر کی

سوال: قراۃ العین حیدر کے دو افسانوی مجموعوں کے نام لکھئے؟

جواب: ا۔ستاروں سے آگے ۲۔شیشے کا گھر ۳۔پت جھڑ کی آواز ۴۔روشنی کی رفتار

سوال: نصاب میں شامل پریم چند کے کوئی سے چار افسانوں کا حوالہ دیجئے؟

جواب: ا۔پوس کی رات ۲۔کفن ۳۔سوا سیر گیہوں ۴۔حج اکبر ۵۔راہ نجات ۶۔زادراہ

سوال: منٹو کے شخصی خاکوں پر مبنی مجموعوں کے نام لکھیے؟

جواب: ا۔گنجے فرشتے ۲۔لاؤڈ سپیکر

سوال: غلام عباس کا افسانوی مجموعہ جاڑے کی چاندنی کب شائع ہوا؟

جواب: جاڑے کی چاندنی ۱۹۶۰ء میں شائع ہوا۔ادبی انعام ''آدم جی''۔

سوال: اردو پہلا سٹیج ڈرامہ کون سا تھا؟ اور کس نے لکھا۔

جواب: ''رادھا کنیہ'' واجد علی شاہ نے ہی ڈراما کروایا تھا۔امانت علی نے لکھا تھا۔

سوال: دل آرام (انارکلی) کی راز دار کنیزوں کے نام لکھیے؟

جواب: عنبر اور مروارید۔

سوال: مصنفین کے نام لکھیے۔

جواب: **(ا) چوگان ہستی۔** پریم چند **(۲) من جلے کا سودا (۳) گنجے فرشتے۔** **(۴) گوندنی والا تکیہ۔** غلام عباس

دیگر اہم سوالات:۔

سوال: سب سے پہلا ناول نگار کون تھا؟

جواب: ڈپٹی نذیر احمد

سوال: فسانہ مبتلا کا سن تصنیف کیا ہے؟

جواب: ۱۸۸۵ء

سوال: اردو شارٹ ہینڈ کس کی ایجاد ہے؟

جواب: مرزا ہادی رسوا کی۔

سوال: رسوا کا سب سے پہلا ناول کون سا ہے؟

جواب: ''افشائے راز'' بعد میں اسے ترمیم کر کے ''امراؤ جان'' کے نام سے شائع کیا گیا۔

سوال: امراؤ جان کے کرداروں کے بارے میں خورشید اسلام کی کیا رائے ہے؟

جواب: ''ان میں ہر ایک فرد بھی ہے اور ایک جماعت کا نمائندہ بھی''۔

سوال: نسیم حجازی کے سوانحی ناول کا نام لکھیں؟

جواب: ا۔پردیسی درخت ۲۔گمشدہ قافلے یہ ان کے آخری ناول تھے۔جو ۱۹۸۶ء میں شائع ہوئے۔

سوال: فورٹ ولیم کالج سے باہر کی اردو کی داستانوں کے نام لکھیں؟

جواب: ا۔میاں محمد بخش کی نورتن (۱۸۱۴ء) ۲۔سرور کی فسانہ عجائب ۳۔نیم چند کھتری کی گل صنوبر (۱۸۳۷ء)۔الف لیلہٰ (۱۸۴۲ء)۔بوستان خیال۔طلسم ہوشربا۔

۴۔فخر دہلوی کی سروش سخن (۱۸۶۰ء)

سوال: پہلے درویش کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب: یمن

سوال: دوسرا درویش کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب: فارس

سوال: تیسرا درویش کا تعلق کس ملک سے ہے؟

جواب: عجم

سوال: چوتھا درویش کس ملک کا شہزادہ ہے؟

جواب: چین

سوال: ڈپٹی نذیر احمد کا سن پیدائش لکھیں؟

جواب: ۱۸۳۱ء

سوال: ڈپٹی نذیر احمد کی سن وفات لکھیں؟

جواب: ۱۹۱۲ء

سوال: مرزا رسوا کا سن ولادت و وفات لکھیں؟

جواب: مرزا رسوا ۱۸۵۷ء میں آغا مرتضیٰ کے ہاتھوں لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ ۲۱ اکتوبر ۱۹۳۱ء کو ٹائیفائیڈ بخار سے انتقال کر گئے۔

سوال: امراؤ جان کے علاوہ مرزا رسوا کے ناولوں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔افشائے راز ۲۔اختری بیگم ۳۔ذات شریف ۴۔شریف زادہ

سوال: قرۃ العین حیدر کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟

جواب: نہٹور ضلع مراد آباد بھارت میں ۱۹۲۷ء میں پیدا ہوئیں۔

سوال: قرۃ العین کا سب سے مشہور ناول کون سا ہے؟

جواب: ''آگ کا دریا''

سوال: قرۃ العین حیدر بھارت واپس کب گئیں؟

جواب: ۱۹۶۲ء

سوال: پریم چند کا اصل نام لکھیں؟

جواب: دھنپت رائے

سوال: پریم چند کا سن پیدائش و وفات لکھیں؟

جواب: ۱۰ اگست ۱۸۸۱ء کو ضلع بنارس کے ایک گاؤں پانڈے پور میں پیداء ہوئے۔ پریم چند نے بنارس میں ۱۹۳۶ کو انتقال کر گئے۔

سوال: پریم چند کے افسانوں اور ناولوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: پریم چند اپنی وفات تک ۲۲۰ کہانیاں لکھ چکے تھے۔ پریم نے بے شمار افسانے لکھے جو مجموعوں کی صورت میں شائع ہوئے، ان مجموعوں میں، سوز وطن، پریم بتیسی، پریم پچیسی اور زادراہ بے حد مشہور ہیں۔ افسانوں کے علاوہ پریم چند نے بہت سے ناول لکھے جن میں، اسرار معابد، بیوہ، جلوہ ایثار، بازار حسن، نرملا، غبن، پردہ مجاز، گوشہ عافیت، چوگان ہستی، اور میدان عمل خصوصی طور پر قابل ذکر ہیں۔

سوال: غلام عباس کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب: غلام عباس کی پیدائش ۱۹۰۹ء میں امرتسر میں ہوئی۔ ۲ نومبر ۱۹۸۲ء میں انتقال ہوا اور کراچی میں سپرد خاک کیا گیا۔

سوال: غلام عباس نے کن ممالک کے سفر کیے؟

جواب: ۱۹۴۹ء سے ۱۹۵۲ء تک بی بی سی لندن سے بطور پروڈیوسر وابستہ رہنے کے درمیان آپ نے فرانس، انگلستان اور سپین سفر کیے۔ جبکہ ریٹائرمنٹ کے بعد کینیڈا اور

امریکہ کے سفر کیے۔

سوال: **غلام عباس کے افسانوی مجموعوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: غلام عباس کا پہلا افسانوی مجموعہ ''آنندی'' ۱۹۴۸ء میں شائع ہوا۔ تو پنجاب ایڈوائزری بورڈ فار بکس لاہور نے نقد ادبی انعام دیا۔ دوسرے افسانوی مجموعے ''جاڑے کی چاندنی'' کو ۱۹۶۰ء میں آدم جی انعام ملا۔ غلام عباس کا تیسرا اور آخری افسانوی مجموعہ ''زندگی، نقاب اور چہرہ'' ہے۔

سوال: **منٹو کی پیدائش اور وفات کے بارے میں بتایئے؟**

جواب: سعادت حسن منٹو ۱۱ مئی ۱۹۱۲ء کو سمبرالہ ضلع لدھیانہ میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۶۵ء میں انتقال ہوا۔

سوال: **منٹو کس رسالے کے مدیر رہے؟**

جواب: بمبئی میں ہفتہ وار رسالہ ''مصورت'' کے مدیر رہے۔

سوال: **مرزا رسوا کے طبع زاد ناولوں کے نام لکھیں؟**

جواب: افشائے راز، امراؤ جان ادا، ذلت شریف، شریف زادہ، اختری بیگم۔

سوال: **رسوا کے تراجم ناولوں کے نام لکھیں؟**

جواب: خونی شہزادہ، خونی بھید، خونی عاشق، خونی جورو، خونی مصور، بہرام کی رہائی۔

سوال: **رسوا نے کون سا رسالہ جاری کیا؟**

جواب: رسالہ اشراق، یہ رسالہ مرزا نے ۱۸۸۶ء میں جاری کیا۔ اس میں منطق، فلسفہ، اور اخلاق پر مضامین شائع ہوتے رہے۔

سوال: **رسوا کے ڈراموں کے نام لکھیں؟**

جواب: طلسم اسرار، نگارستان۔

سوال: **مرزا رسوا کی کوئی سی تین مثنوی کے نام تحریر کریں؟**

جواب: مثنوی نالہ رسوا، مثنوی لذت فنا، جنون انتظار۔

سوال: **باغ و بہار کے تراجم کن کن زبانوں میں ہو چکے ہیں؟**

جواب: باغ و بہار کے تراجم ۱۔ **ھندی:** جیورام جات، لکھنؤ ۱۸۷۷ء ۲۔ **گجراتی:** ۱۸۸۳ء ۳۔ **انگریزی:** ''سلیکشن فرام باغ و بہار'' از جے۔ ایف۔ باتیز، کلکتہ ۱۸۸۷ء ''سٹوری آف باغ و بہار'' از ای۔ ایف۔ پیپے ۴۔ **فرانسیسی:** گارساں دتاسی نے ۱۸۷۷ء میں پیرس میں ''سومالہ'' کی اردو نظم کا ترجمہ کیا۔ ۵۔ **ارمنی:** گارساں دتاسی کے مطابق باغ و بہار کا ارمنی میں بھی ترجمہ ہوا۔ ۶۔ **پنجابی:** منظوم ترجمہ، قاضی امام بخش شیروزی نے کیا۔

سوال: **پہلے درویش کی سیر میں کون سے کردار ہیں؟**

جواب: ۱۔ حبشی ۲۔ عیسیٰ جراح ۳۔ خواجہ سرا ۴۔ دمشق کی شہزادی

سوال: **دوسرے درویش کی سیر میں کون سے کردار ہیں؟**

جواب: ۱۔ صاحب دانا ۲۔ حاتم اور نوفل کا واقعہ ۳۔ بوڑھا، بوڑھیا اور ان کے بچے ۴۔ بصرے کی شہزادی ۵۔ خواجہ سرا ۶۔ ایک ماما (خاتون) ۷۔ دائی ۸۔ سادھو ۹۔ جوگی۔

سوال: **آزاد بخت کے قصے میں کون کے کردار ہیں؟**

جواب: ۱۔ فرنگ کا ایلچی ۲۔ دائی ۳۔ شاہ بندر ۴۔ بادشاہ کے وکیل کی لڑکی۔

سوال: **تیسرے درویش کی داستان میں کون کون کے کردار ہیں؟**

جواب: ۱۔ عجم کا شہزادہ ۲۔ بوڑھا جس نے ہرن پال رکھا تھا ۳۔ نعمان سیاہ ۴۔ کٹنی ۵۔ بہزاد خاں

سوال: **چوتھے درویش کی سیر میں کونسے کردار ہیں؟**

جواب: ۱۔ چین کا شہزادہ ۲۔ روشن اختر ۳۔ مبارک نامی غلام ۴۔ ایک کنیز جس نے درویش کو تھپڑ مارا تھا ۵۔ اندھا ہندوستانی فقیر

۶۔ملکہ شہ بال پرستان ۷۔شہزادہ بختیار

سوال: میر امن کا نام اور زندگی کا دورانیہ بتائیں؟

جواب: میر امان، زندگی کا دورانیہ یہ ہے۔۱۷۵۰ء سے ۱۸۳۷ء۔

سوال: افسانوی ادب کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: چار ہیں: ۱۔داستان ۲۔ناول ۳۔افسانہ ۴۔ڈرامہ

سوال: اس سے پہلی داستان کا نام لکھیں؟

جواب: سب رس ۱۶۳۵ء

سوال: سب سے پہلا افسانہ نگار کون ہے؟

جواب: سجاد حیدر یلدرم

سوال: سب سے پہلے افسانے کا نام لکھیں؟

جواب: غربت وطن

سوال: اردو کا پہلا ڈرامہ نگار کون ہے؟

جواب: واجد علی شاہ۔اردو کے پہلے ڈرامے نام "رادھا کنہیا" ہے۔

سوال: "رعایتی نمبر" کس کے ناولوں کو کہا جاتا ہے؟

جواب: ڈپٹی نذیر احمد

سوال: رسوا کے نزدیک عورتوں کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: عورتیں تین قسم کی ہوتی ہیں: ۱۔نیک بخت ۲۔خراب ۳۔بازاری

سوال: اردو ہندی زبان میں جدید افسانہ کے بانی کون ہیں؟

جواب: پریم چند

سوال: پریم چند کے مشہور ناولوں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔بازار حسن ۲۔میں پدم سنگھ ۳۔سندن اور سمن ۴۔نرملا ۵۔بیوہ ۶۔پریم چالیسی

سوال: غلام عباس کے افسانوی مجموعوں کے نام لکھیں؟

جواب: پہلا مجموعہ "آنندی" دوسرا "دجاڑے کی چاندنی" تیسرا "زندگی، نقاب اور چہرے" کے نام سے شائع ہوا۔

سوال: نسیم حجازی کے پہلے ناول کا نام لکھیں؟

جواب: داستان مجاہد ۱۹۴۲ء میں شائع ہوا۔

سوال: اشفاق احمد کی پہلی کہانی کس رسالے میں چھپی؟

جواب: رسالہ "نونہال" دہلی میں چھپی۔

سوال: اشفاق احمد کے افسانوں کے نام لکھیں؟

جواب: ایک محبت سو افسانے، اجلے پھول۔

سوال: اشفاق احمد کی دیگر تصانیف کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ٹاہلی دے تھلے (پنجابی ڈرامے) ۲۔وداع جنگ (ترجمہ) ۳۔مہمان بہار (ناولٹ) ۴۔چنگیز خان کے سنہرے شاہین (ترجمہ)

سوال: زیتون بانو کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: پشتو افسانے کی خاتون اول۔

سوال: ایران کے کسی افسانہ نگار کا نام لکھیں؟

جواب: جلال احمد آل

سوال: اردو ادب میں پریم چند کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: مختصر افسانہ کا بانی۔

سوال: سجاد حیدر یلدرم کے ڈرامہ کا نام لکھیں؟

جواب: خوارزم شاہ۔

سوال: پطرس بخاری کے مشہور ڈرامہ کا نام لکھیں؟

جواب: سیب کا درخت

سوال: اشفاق احمد کے ریڈیو ڈرامے کس نام سے شائع ہوتے رہے؟

جواب: ''تلقین شاہ''

سوال: پریم چند کے دو ناولوں کے نام لکھیں؟ اور آخری ناول کونسا تھا۔

جواب: ا۔ پرتاپ چندر ۲۔ اسرار معابدے ۔ پریم چند کا آخری ناول ''گئودان'' ہے۔

سوال: بیسویں صدی کے اوائل کے چار افسانہ نگاروں کے نام لکھیں؟

جواب: ا۔ پریم چند ۲۔ سدرشن ۳۔ حامد اللہ افسر ۴۔ اعظم کریوی

سوال: اردو ڈرامہ کا باقاعدہ آغاز کس کی تصنیف سے ہوا؟

جواب: ''اندر سبھا'' کو تصنیف سے ہوا۔ اندر سبھا کو فنی کمزوریوں کے باوجود پہلا ناٹک قرار دیا۔

سوال: امتیاز علی تاج نے شیکسپیئر کے ڈرامے ''اے مڈ سمر نائیٹ ڈریم'' کس عنوان سے کیا؟

جواب: ساون این کا سپنا۔

سوال: انگریزی نظموں کو سب سے پہلے اردو میں منتقل کرنے والا کون تھا؟

جواب: اسمٰعیل میرٹھی۔

سوال: باغ و بہار کے جواب میں کون سی کتاب لکھی گئی؟

جواب: فسانہ عجائب

سوال: مثنوی سحرالبیان کے جواب میں کون سی مثنوی لکھی گئی؟

جواب: مثنوی گلزار نسیم

سوال: قراۃ العین حیدر کے ناول ''آگ کا دریا'' کے جواب میں وکونسا ناول لکھا گیا؟

جواب: آحسن فاروقی نے ناول ''سنگم'' لکھا۔

سوال: اردو کی پہلی ناول نگار خاتون کا نام لکھیں؟

جواب: رشیدہ النساء۔ پہلا ناول ''اصلاح النساء'' ۱۸۸۱ء۔

سوال: دنیا کی پہلی کتاب کونسی تھی، کب، کہاں اور کیسے شائع ہوئی؟

جواب: دنیا کی پہلی کتاب ''ڈائمنڈ سترا'' ۸۶۸ء میں چین سے، لکڑی کے بلاکوں سے شائع ہوئی۔

سوال: اردو زبان کی قدیم اور مشہور داستان کونسی ہے؟

جواب: عطاء حسین تحسین کی ''نوطرز مرصع''۔

سوال: کوئی سی دو طویل داستانوں کے نام لکھیں؟

جواب: داستان امیر حمزہ اور بوستان خیال۔

سوال: ایم ٹمپی سن نے ۱۷۴۰ء میں کس زبان کی لغت لکھی؟

جواب: اردو زبان کی پہلی لغت۔

سوال: ۱۸۹۷ء کو کس کو شمس العلماء کا خطاب ملا؟

جواب: ڈپٹی نذیر احمد کو۔

سوال: دور حاضر کے پانچ ناول نگاروں کے نام اور ان کے ناولوں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔شوکت صدیقی خدا کی بستی ۲۔قراۃ العین حیدر آگ کا دریا ۳۔احسن فاروقی سنگم ۴۔رضیہ فصیح آبلہ پا
۵۔عبداللہ حسین اداس نسلیں

سوال: نسیم حجازی اپنے ناول کس پس منظر میں لکھتے ہیں؟

جواب: تاریخ اسلام کے پس منظر میں۔

سوال: پریم چند نے پہلا افسانہ کب لکھا؟

جواب: ۱۹۰۶ء یا ۱۹۰۷ء میں۔

سوال: یلدرم کا پہلا افسانہ کب شائع ہوا؟

جواب: ۱۹۰۳ء میں۔

سوال: پریم چند کے افسانوں کا موضوع کیا ہے؟

جواب: معاشرتی اصلاح اس کا مقصد ہے۔

سوال: چار افسانہ نگاروں کے نام لکھیں جن کے افسانے ترقی پسند کے رنگ سے پاک ہیں؟

جواب: ان میں حیات اللہ انصاری، سعادت منٹو، محمد حسن عسکری، ممتاز شریں۔

سوال: قیام پاکستان کے بعد جو افسانہ نگار سامنے آئے، ان میں سے پانچ کے نام لکھیں؟

جواب: ان میں انتظار حسین، غلام عباس، قراۃ العین حیدر، اے حمید اور حاجرہ مسرور شامل ہیں۔

سوال: ڈرامے کا تصور کس سے وابستہ ہے؟

جواب: یونان سے۔

سوال: ڈرامہ کس زبان سے بنے ہیں، اور اسکے معنی کیا ہیں؟

جواب: یونانی، اور اس کے معنی تمثیل، ناٹک یا وانگ۔

سوال: ڈرامے میں بنیادی اہمیت کیا چیز رکھتی ہے؟

جواب: اسٹیج۔

سوال: ڈرامے کے لازمی جزو کیا ہیں؟

جواب: ۱۔اسٹیج ۲۔ناظرین ۳۔اداکار کی گفتگو۔

سوال: ڈرامے کی قسموں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔المیہ ۲۔طربیہ ۳۔سوانگ ڈرامہ ۴۔میلوڈرامہ ۵۔ڈریم ۶۔مخلوط ڈرامہ ۷۔یک بابی ڈرامہ ۸۔نثری ڈرامہ یا ریڈیائی

سوال: دور نو کے ڈرامہ نویسوں میں کس کا نام سب سے نمایاں ہے؟

جواب: مرزا ادیب۔ان کے ڈرامے ''آنسو اور ستارے'' ''لہو اور قالین'' ''شیشے کی دیوار'' کے متعدد مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔

سوال: نئے لکھنے والوں میں چند ڈرامہ نگاروں کے نام لکھیں؟

جواب: ان میں سلیم احمد، اشفاق احمد، بانو قدسیہ، باسط سلیم صدیقی، ہاجرہ مسرور اور خواجہ معین شامل ہیں۔

سوال: اردو ڈرامے کو زیادہ عروج نصیب ہوا یا ناول اور افسانے کو؟

جواب: ناول اور مختصر افسانے کو۔

سوال: نذیر احمد کے خاکوں کے نام لکھیں؟

جواب: نذیر احمد کی کہانی ''پھولوں والی کی سیر'' اور ''دلی کا یادگار مشاعرہ'' ان کے خوبصورت خاکے ہیں۔

سوال: اردو میں ترجم کا آغاز کس صدی میں ہوا؟

جواب: اٹھارویں صدی میں۔

سوال: رشید النساء بیگم کون تھی؟

جواب: اردو کی پہلی خاتون ناول نگار۔

سوال: دنیا کی طویل ترین ناول کس فرانسیسی ادیب نے لکھا؟

جواب: لوئی ہنری۔ اور یہ ناول ۲۷ جلدوں پر مشتمل تھا۔

سوال: قرۃ العین ڈرامے کے کردار کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ اجالا (ایک بیس سال کی شوخ لڑکی)

۲۔ اختر (حساس نوجوان)

۳۔ ابو (اختر کا باپ)

۴۔ نونو (اجالا کی سہیلی)

۵۔ نصیر (چالیس برس کا مرد)

۶۔ انٹرویو کے چند ممبر حضرات

۷۔ ڈاکٹر نمبر ۱

۸۔ ڈاکٹر نمبر ۲

سوال: ڈرامہ ''دادہ اور دلدادا'' کے کرداروں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ دادا ظہیر الدین (عمر پینسٹھ سال)

۲۔ ابو مبارک (سخت دل باپ)

۳۔ جلال (محبت کرنے والا)

۴۔ حمیدہ (جلال کی ماں، ظہیر الدین کی بہو، مبارک کی بیوی)

۵۔ راحت (خوبصورت ماڈرن لڑکی)

۶۔ رحیم (جلال کا خوش شکل دوست)

۷۔ ماں (راحت کی حساس ماں)

سوال: ڈرامہ ''آغوش وداع'' کے کرداروں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔ مختیار (عمر پچاس سال)

۲۔ جیدی (دس بارہ سال کا لڑکا)

۳۔ زمان (مختار کا ہم عصر)

۴۔فاران (جیدی سے دو سال چھوٹا)

۵۔ماں (مختار کی ماں)

۶۔عورت

۷۔پنی (نوجوان شوخ لڑکی)

۸۔حیدر

۹۔مسز حیدر (پنی کی آنٹی)

۹۔گراہٹیں

۱۰۔پی اے

۱۱۔اور سیزر کتا

۱۲۔چپڑاسی

سوال: صنم گزیدہ کے کرداروں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔علی (بائیس برس کا خوبرو شوخ نوجوان۔سائیکلوجی ایم اے کا سٹوڈنٹ)

۲۔فرخ (تیس کے لگ بھگ خوبصورت، دبلی پتلی عورت، جو فیصلوں کے درمیان رہتی ہے۔)

۳۔بھابھی (علی کی بڑی بھابھی)

۴۔سرفراز (علی کا بڑا بھائی)

۵۔الیاس (فرخ کا شوہر۔پینتس سال کے لگ بھگ)

۶۔احمد (سات سال کا معصوم لڑکا)

سوال: ڈرامہ معدن محبت کے کرداروں کا تعارف پیش کریں؟

جواب: ۱۔امتیاز (عمر پچاس سال کے لگ بھگ، اور خوش مزاجیہ کا مجموعہ۔پروفیسر فلش بیک میں اس کی عمر پچیس برس کے ارد گرد دکھائی گئی ہے)

۲۔لبنا (مباحثوں میں شریک ہونے والی نوجوان لڑکی، امتیاز کی شاگرد، دمے کی مریض، آرٹسٹ لڑکی)

۳۔خاتون (جہاندیدہ عورت، جو دبدابے کی وجہ سے غنڈوں کو کنٹرول کرنا جانتی ہے)

۴۔خلیل (شراب خانے پر کام کرنے والا غنڈا)

۵۔مریم (امتیاز کی شاگرد۔دمے کی مریض، آرٹسٹ لڑکی۔

۶۔اور کالج کے کچھ لڑکے اور لڑکیاں۔

سولو ہائی: محمد مظہر

کمپوزہائی: مظہر تنہا (Jassi)

کلاس: ایم اے اقبالیات (پریویس)

رول نمبر: ۰۲

سیشن: ۱۹۔۲۰۱۷ء

موبائل نمبر: 0303-7619693

گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج چشتیاں

☆☆☆

پیپر نمبر ٤ اسالیب نثر اردو (STYLE OF PROSE)

سوال: پطرس کے مضامین کا دیباچہ کس نے لکھا؟

جواب: پطرس بخاری کے مضامین کا دیباچہ پطرس کا خودنوشت ہے۔

سوال: نیاز فتح پوری کس رسالے کے مدیر تھے؟ اور اس کا اجرا کب ہوا۔

جواب: ''نگار'' ۱۹۲۲ء میں اس کا اجراء ہوا۔

سوال: محمد حسین آزاد کی دو کتب کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔آب حیات ۲۔نیرنگ خیال ۳۔سخن دان فارس ۴۔ہندوستانی شخصیت

سوال: رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کا اجراء کب ہوا؟ اور کہاں سے؟ اس کے پہلے ایڈیٹر کون تھے؟

جواب: رسالہ تہذیب الاخلاق ۱۸۷۰ء میں سرسید نے جاری کیا، لیکن یہ پرچہ ۲۵ دسمبر ۱۸۷۰ء کو شائع ہونا شروع ہوا۔

سوال: آثار الصنادید کا موضوع کیا ہے؟

جواب: تاریخی کی پرانی عمارتوں کی تعمیر۔

سوال: آواز دوست میں شامل کسی ایک معمون کا نام لکھیے؟

جواب: آواز دوست میں دو طویل مضمون ہیں۔ جس میں پہلا ''مینار پاکستان'' اور دوسرا ''قحط الرجال'' ہے۔

سوال: ''سب رس'' کس کی فرمائش پر لکھی گئی؟

جواب: ''عبداللہ قطب شاہ'' کی فرمائش پر لکھی گئی۔

سوال: مرزا ادیب کی خودنوشت سوانح عمری کا نام کیا ہے؟

جواب: مرزا ادیب کی خودنوشت سوانح عمری کا نام ''مٹی کا دیا'' ہے۔

سوال: اردو کے ارکان خمسہ کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔سرسید احمد خاں ۲۔ڈپٹی نذیر احمد دہلوی ۳۔مولانا الطاف حسین حالی ۴۔مولانا محمد حسین آزاد ۵۔مولانا شبلی نعمانی ارکان خمسہ میں شامل ہیں۔

سوال: خطوط غالب کے کسی ایک مرتب کا نام لکھیں؟

جواب: ۱۔عرشی رام پوری ۲۔غلام رسول مہر ۳۔مہیش پرشاد ۴۔آفاق حسین آفاق

سوال: نیرنگ خیال کے کیا معنی ہیں؟

جواب: نیرنگ خیال کے معنی نئے رنگوں کے خیال ہیں۔ یہ ایک جدید رنگ کی کتاب ہے۔ جس میں خیالی افسانوں اور خواب وغیرہ کے پردہ میں عمدہ اخلاقی نتائج نکالے گئے ہیں۔

سوال: پطرس کے کسی ایک مضمون کی نشاندہی کریں۔ جس میں طالب علم کی نفسیات کو موضوع بنایا گیا ہو؟

جواب: ۱۔ہاسٹل میں پڑھنا ۲۔سویرے جو کل میری آنکھ کھلی ۳۔لاہور کا جغرافیہ

سوال: آثار الصنادید کے مصنف کا نام لکھیے؟

جواب: سرسید احمد خاں اور یہ ۱۸۲۶ء میں شائع ہوا۔

سوال: آواز دوست کے مصنف کا نام لکھیے؟

جواب: مختار مسعود

سوال: تحریف نگاری سے کیا مراد ہے؟

جواب: تحریف نگاری کو پیروڈی بھی کہتے ہیں۔ اصطلاح میں وہ صنف ظرافت (نظم ونثر) ہے کو کسی کے طرز نگارش کی طرز اور نقل میں لکھی گئی ہو۔ مگر اصل نگارش کے الفاظ یا خیالات کو اس طرح بدل دے کہ مزاحیہ تاثرات پیدا ہوں۔ پیروڈی میں نگارش کی تقلید کی تقلید کر کے کس کے اسٹائل یا خیالات کا مذاق اڑانے کی کوشش کی جاتی ہے۔

سوال: "عودِ ہندی" کس کی کتاب ہے؟

جواب: مرزا غالب کی۔

سوال: "نگار" کس نامور نقاد اور افسانہ نگار نے جاری کیا؟

جواب: نیاز فتح پوری

سوال: علامہ شبلی نعمانی کی دو کتب کے نام لکھیں؟

جواب: موازنہ انیس ودبیر ۲۔ شعرالعجم ۳۔ مکاتیب شبلی ۴۔ سیرۃ النبی

سوال: سب رس کا ماخذ کیا ہے؟

جواب: سب رس کا ماخذ "دستورِ عشاق" ہے۔

سوال: آوازِ دوست کا عنوان کس شعر سے ماخوذ ہے؟

جواب: ؎ خشک مغز و خشک تار و خشک پوست از کجا می آید این آواز دوست (مولانا جلال الدین رومی)

سوال: آثارالصنادید کے پہلے ایڈیشن کا اسلوب کیسا تھا؟ اور یہ عبارتیں کس نے لکھیں؟

جواب: آثارالصنادید کا پہلا ایڈیشن فرسودہ انداز میں تھا۔ جو اس زمانے کا تھا۔ سرسید نے اسلوب کی فرسودگی اور قدامت کو جلد ہی محسوس کر لیا۔ چنانچہ دوسرے ایڈیشن کی عبارتیں سرسید نے صاف، آسان اور سلیس زبان میں کر دی۔

سوال: مولانا شبلی نعمانی نے کس مغل بادشاہ کی سوانح لکھی؟

جواب: المامون اور الفاروق کی۔

سوال: تقریظ کسے کہتے ہیں؟

جواب: تقریظ تبصرے کی خاص قسم ہے جس میں محض تعریف وتوصیف ہوتی ہے کمزوریوں کا ذکر نہیں ہوتا، کتاب کے مواد پر بحث کی بجائے فنکار کے مجموعی فن کی بات ہوتی ہے۔

یا

تقریظ کا مادہ قرظ سے نکلا ہے۔ جس کے معنی ہیں کسی زندہ شے کی برائی بھلائی بیان کرنا۔ اصطلاح میں کسی تالیف یا تصنیف کے بارے میں رائے دینا، تقریظ کہلاتا ہے۔

سوال: سرسید کے سفرنامے کا نام لکھیے؟ اور یہ سفر سرسید نے کب اور کس مقصد کے لیے کیا؟

جواب: مسافران لندن کے نام سے ۱۸۶۹ء میں چھ ماہ کا سفر کا مختصر حال شائع کیا۔ اس میں سفر کے تجربات نئی نئی اور مفید چیزوں کی تفصیل درج ہے۔

سوال: یادگارِ غالب کا جواز اور محرک کون سی کتاب بنی اور کیوں؟

جواب: آبِ حیات۔ کیونکہ غالب پر پہلا مضمون مولانا محمد حسین آزاد نے اپنی کتاب میں لکھا لیکن ان کا انداز معاندانہ تھا۔ لیکن حالی نے غالب کو اپنے استاد ذوق میں کم کر کے پیش کیا۔

سوال: مزاح اور طنز میں بنیادی فرق کیا ہے؟

جواب: مزاح میں ناہمواری، بھدا پن اور بدصورتی تو ضرور ہوتی ہے مگر اذیت اور تکلیف کا عنصر نہیں ہوتا۔ جبکہ طنز کی اذیت اور ناگواری ایک مسلم انداز ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک نقاد نے کہا ہے "کہ مزاح نگار ہرن کے ساتھ بھاگتا ہے اور طنز نگار کتوں کے ساتھ شکار کرتا ہے۔"

سوال: پطرس بخاری نے کن مشاہیر کے نام خطوط لکھے؟

جواب: ا۔ فیض احمد فیض اور ان کی بیٹی ۲۔ منیزہ ہاشمی ۳۔ عبدالمجید سالک ۴۔ ن۔ م راشد۔

سوال: مرزا غالب نے جن حضرات کے نام خط لکھے ان میں سے دو کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔منشی ہرگوپال تفتہ ۲۔میر مہدی مجروح ۳۔یوسف مرزا ۴۔علاؤالدین احمد خاں علائی

سوال: آوازِ دوست موضوع کیا ہے؟

جواب: آوازِ دوست کا بنیادی موضوع۔نظریہ پاکستان،تاریخ پاکستان تحریک پاکستان،قیام پاکستان اور ناگزیر تاریخی تقاضوں کارفرمائیوں سے منکر لوگوں کے ہاتھوں پاکستان کی شکست وریخت ہے۔مختار مسعود نے پاکستان اور تحریک پاکستان کی حل تاریخ کوسمیٹ کر خوبصورت انداز میں بیان کیا ہے۔

سوال: نیاز فتح پوری نے ''نگار'' کا اجراء کب کیا؟

جواب: ۱۹۲۲ء

سوال: مضامین پطرس میں سے دو کے مضامین کے عنوان لکھیے؟

جواب: ۱۔میبل اور میں ۲۔میں ایک ہوں میاں ۳۔مریدپور کا پیر ۴۔انجام بخیر ۵۔مرحوم کی یاد میں

سوال: رسالہ'' تہذیب الاخلاق'' کے اہم لکھنے والوں کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔سرسید احمد خاں ۲۔مولانا شبلی نعمانی ۳۔مولانا الطاف حسین حالی ۴۔ڈپٹی نذیر احمد

سوال: مولانا شبلی نعمانی کی تنقیدی تصانیف کون سی ہیں؟

جواب: ۱۔موازنہ انیس ودبیر ۲۔شعر العجم ۵ حصے

سوال: مرزا ادیب کے افسانوی مجموعوں کے نام تحریر کریں؟

جواب: ۱۔صحرانورد کے خطوط ۲۔صحرانورد کے رومان ۳۔موت کا تحفہ ۴۔دیواریں ۵۔جنگل ۶۔کمبل ۷۔حسرت تعمیر
۸۔ساتواں کا چراغ

سوال: محمد حسین آزاد نے کس مغل بادشاہ کے عہد کی تاریخ لکھی؟

جواب: مغل بادشاہ کے عہد کی'' آئین اکبری'' کی تاریخ لکھی۔

سوال: غالب کے خطوط کن عنوانات سے شائع ہوئے؟

جواب: ۱۔نادرات غالب ۲۔خطوط غالب ۳۔مجموعہ مکاتیب ۴۔نادر خطوط غالب ۵۔مکاتیب غالب

سوال: قول محال یا پیراڈوکس سے کیا مراد ہے؟

جواب: قول محال یا پیراڈوکس کسی ایک بات کو اس کے اصل کو مدنظر رکھ کر اسے طنزیہ یا مزاحیہ زاویوں سے بیان کرنا قول محال کہلاتا ہے۔اس کے پس منظر میں صداقتیں اور حقائق موجود ہوتے ہیں۔

سوال: پطرس بخاری نے کن شعری مجموعوں کے دیباچے لکھے؟

جواب: آتش کدہ۔

سوال: نیاز فتح پوری نے کتنے ناولٹ لکھے؟ان کے نام بھی تحریر کریں؟

جواب: دو ناولٹ۔ ۱۔شاعر کا انجام(۱۹۱۳ء) ۲۔شہاب کی سرگزشت(۱۹۲۵ء)

سوال: مختار مسعود کی تصانیف کے نام لکھیں؟

جواب: ۱۔آوازِ دوست ۲۔ہوائی سفر ۳۔سفر نصیب ۴۔آئی ونیس آف ہسٹری ۵۔این ایپڈ یشیل آف لینڈ
ری سورس ان ویسٹ پاکستان ۶۔افسانہ '' قالین''

سوال: ملا وجہی کی تصانیف کے نام لکھیے؟

جواب: ۱۔تاج الحقائق ۲۔سب رس ۳۔قطب مشتری

سوال: غالب نے تیموری خاندان کی تاریخ کس عنوان سے لکھیں؟

جواب: مہر نیم روز، جو کہ فارسی میں تھا اور بہادر شاہ ظفر کے حکم پر لکھی۔

سوال: **موضوع کے اعتبار سے سرسید کے خطوط کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟**

جواب: سرسید کے مضامین کو ہم تین حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں: ۱۔خالص مذہبی مضامین ۲۔سیاسی مضامین ۳۔اخلاقی اور معاشرتی اصلاحی مضامین

سوال: **سیرۃ النبی کی کتنی جلدیں ہیں اور شبلی نے کتنی جلدیں مرتب کیں؟**

جواب: سیرۃ النبی کی چھے (۶) جلدیں ہیں۔شبلی نے دو جلدیں مرتب کیں اور ان بقیہ چار جلدیں سید سلمان ندوی نے لکھیں۔

سوال: **نیرنگ خیال کے مضامین کن ادیبوں کے مضامین سے ماخوذ ہیں؟**

جواب: ایڈیسن اور جانسن کے مضامین کے ماخوذ ہیں۔

سوال: **نیاز فتح پوری کے افسانوں کے دو اہم موضوعات کیا ہیں؟**

جواب: رومان (محبت و عورت) ، مذہب (مولوی)۔سماجی شعور۔

سوال: **آواز دوسے میں قلعہ احمد نگر کے اسیر سے مراد کون سی شخصیت ہیں؟**

جواب:

سوال: **مرزا ادیب کے سفرنامے کا عنوان لکھیے؟**

جواب: ہمالیہ کے اس پار۔

سوال: **دور حاضر کے دو اہم نثر نگاروں کے نام لکھیں؟**

جواب: مستنصر حسین تارڑ، امجد اسلام امجد، عطاالحق قاسمی، اصغر ندیم سید۔

سوال: **تمثیل سے کیا مراد ہے؟**

جواب: تمثیل عربی زبان کا لفظ ہے اس کے لفظی معنی مثال لانا، مشابہ کرنا، مطابقت کرنا ہے۔بنیادی طور پر ڈرامہ کی اصلاح ہی لیکن فنون لطیفہ میں استعمال ہمہ گیر حیثیت لکھتا ہے۔تمثیل انشا پردازی کی اس صنف کو کہتے ہیں جس میں کسی تشبیہ یا استعارہ کو انسان کے کسی جذبہ مثلاً غصہ، نفرت، اور محبت وغیرہ کو مجسم کر کے پیش کیا جاتا ہے۔

سوال: **غالب نے فارسی میں خط لکھنا کب ترک کیا؟**

جواب: ۱۸۴۸ء کے شروع میں یا اس سے کچھ پہلے غالب نے عام طور پر فارسی میں خط لکھنا ترک کیا۔

سوال: **یادگار غالب کو حالی نے کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے؟ اور کون سے۔**

جواب: یادگار غالب کو حالی نے دو (۲) حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلا حصے میں غالب کی پیدائش سے وفات تک کے حالات اور دوسرے حصے میں غالب کے کلام نظم و نثر کا تنقیدی جائزہ لیا۔

سوال: **شبلی کے سفرنامے کا نام لکھیے؟ اور یہ سفر کیوں کیا؟**

جواب: ''سفرنامہ مصر و روم و شام'' مئی ۱۸۹۲ء میں چھ ماہ کے لیے بلاد اسلامیہ کے لیے سفر پر روانہ ہوئے۔ان ممالک کے تعلیمی نظام اور لائبریوں سے استفادہ کیا اور سیرۃ نبوی ﷺ کے لیے مواد بھی اکٹھا کیا۔آپ نے سفر میں قسطنطنیہ، بیروت، بیت المقدس اور قاہرہ کے علمی خزانوں سے استفادہ کیا۔

سوال: **صحرا کے حوالے سے مرزا ادیب کے افسانوی مجموعوں کے نشاندہی کیجیے؟**

جواب: ''صحرانورد کے خطوط'' جولائی ۱۹۴۰ء۔ آٹھ افسانے

۱۔افسانہ خونیں ۲۔دختر صحرا ۳۔ملکہ صحرا ۴۔مورتی ۵۔سیل حوادث ۶۔حکائیہ جنوں ۷۔سارت کا قیدی ۸۔چاہ بابل

''صحرانورد کے رومان'' ۱۹۴۳ء ۔چار فسانے

